# زرِ نقابت



مرتب
محمد ہارون شاہ ہاشمی
(فاضل منہاج القرآن اسلامک یونیورسٹی)

Marfat.com

نقابت کے موضوع پر پہلی کتاب

# زرِ نقابت

مصنف

محمد ہارون شاہ ہاشمی

(فاضل منہاج القرآن اسلامک یونیورسٹی)

نوریہ رضویہ پبلی کیشنز

۱۱- گنج بخش روڈ - لاہور

Marfat.com

﴿جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں﴾


| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | ——— | زرِ نقابت |
| مصنف | ——— | محمد ہارون شاہ ہاشمی |
| نظر ثانی | ——— | حافظ محمد اقبال اعظم |
| بارِ ہفتم | ——— | مارچ 2010ء |
| باہتمام | ——— | سیّد محمد شجاعت رسول شاہ قادری |
| ناشر | ——— | نوریہ رضویہ پبلی کیشنز گنج بخش روڈ لاہور |
| مطبع | ——— | اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور |
| کمپیوٹر کوڈ | ——— | 1N-17 |
| قیمت | ——— | روپے |


## ملنے کے پتے


نوریہ رضویہ پبلی کیشنز داتا گنج بخش روڈ لاہور فون 37313885-7070063

مکتبہ نوریہ رضویہ بغدادی جامع مسجد گلبرگ اے فیصل آباد فون: 041-2626046

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر 40 اُردو بازار لاہور
042-37246006

ضیاء القرآن پبلی کیشنز
انفال سنٹر اُردو بازار کراچی
021-2630411

مکتبہ غوثیہ ہول سیل
پرانی سبزی منڈی کراچی
021-4910584

احمد بک کارپوریشن
اقبال روڈ کمیٹی چوک راولپنڈی
051-5558320

اسلامک بک کارپوریشن
اقبال روڈ کمیٹی چوک راولپنڈی
051-5536111

مکتبہ فیضانِ سنت
اندرون بوہڑ گیٹ ملتان


Marfat.com

# انتساب

ان نسبتوں کے

نام

جن کی بدولت

مجھ

ناچیز کو

طرز گفتار

کی

جسارت نصیب ہوئی

Marfat.com

# فہرست



| صفحہ نمبر | عنوان | نمبر شمار |
|---|---|---|
| ۱۱ | حمد باری تعالیٰ -------------------- | ۱ |
| ۱۲ | نعت رسول مقبول ﷺ -------------------- | ۲ |
| ۱۳ | عرض مصنف -------------------- | ۳ |
| | **تقاریظ** | |
| ۱۷ | حضرت علامہ مفتی محمد عبدالقیوم خان ہزاروی مدظلہ العالی -- | ۴ |
| ۱۸ | پروفیسر علامہ محمد ظہوراللہ قادری الازہری---------- | ۵ |
| ۲۱ | لخت جگر قائد انقلاب صاحبزادہ حسن محی الدین قادری | ۶ |
| ۲۲ | اعجاز سخن -------------------- | ۷ |
| | **رہنما باتیں** | |
| ۲۷ | بیان کی اقسام-------------------- | ۸ |
| | **تقریر کے عناصر** | |
| ۳۷ | موضوع -------------------- | ۹ |
| ۳۹ | مواد -------------------- | ۱۰ |
| ۴۱ | پیرایہ یا انداز -------------------- | ۱۱ |
| ۴۱ | نفسیات -------------------- | ۱۲ |
| ۴۱ | کیفیت -------------------- | ۱۳ |



Marfat.com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | **تقریر کی اقسام** | |
| ۱۴ | معلوماتی تقریر | ۴۵ |
| ۱۵ | جذباتی تقریر | ۴۵ |
| ۱۶ | رسمی یا وقتی تقریر | ۴۵ |
| ۱۷ | مذہبی تقریر | ۴۵ |
| ۱۸ | احساساتی تقریر | ۴۶ |
| ۱۹ | تربیتی تقریر | ۴۶ |
| ۲۰ | فکری تقریر | ۴۶ |
| | **تقریر کی تقسیم** | |
| ۲۱ | ابتدائیہ اور اس کے عناصر | ۴۹ |
| ۲۲ | میانیہ اور اس کے عناصر | ۵۰ |
| ۲۳ | اختتامیہ اور اس کے عناصر | ۵۰ |
| ۲۴ | اچھی تقریر کی خوبیاں | ۵۱ |
| | **ذکر الٰہی** | |
| ۲۵ | ذکر الٰہی احادیث کی روشنی میں | ۵۷ |
| ۲۶ | قرآن اور ذکر الٰہی | ۶۰ |
| ۲۷ | محبت الٰہی | ۶۲ |
| ۲۸ | اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے | ۶۴ |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۲۹ | اطمینان قلب کا سامان ---------------------- | ۶۶ |
| ۳۰ | مومن کی بہار ---------------------------------- | ۶۸ |
| ۳۱ | دلوں کو دیتا ہے تسلی خدا کا نام ----------------- | ۶۹ |
| | **محافل قرأت** | |
| ۳۲ | قرآن کریم احادیث کی روشنی میں ---------------- | ۷۳ |
| ۳۳ | اسم جلالت ----------------------------------- | ۷۴ |
| ۳۴ | قرآن پڑھ کے دیکھو ---------------------------- | ۷۵ |
| ۳۵ | دو قرآن --------------------------------------- | ۷۶ |
| ۳۶ | قرآن کا اعجاز ------------------------------- | ۷۹ |
| ۳۷ | قرآن کی تلاوت ------------------------------- | ۸۲ |
| | **محافل نعت** | |
| ۳۸ | نعت ------------------------------------------- | ۸۵ |
| ۳۹ | نعت کیا ہے؟ --------------------------------- | ۸۶ |
| ۴۰ | نعت کیسے کہی جائے؟ -------------------------- | ۸۸ |
| ۴۱ | نعت کہنے کا ادب ------------------------------ | ۹۱ |
| ۴۲ | دل مومن کی تنویر ------------------------------ | ۹۳ |
| ۴۳ | نور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ------------------- | ۹۴ |
| ۴۴ | رخ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ------------- | ۹۷ |
| ۴۵ | دل مؤمن کی ضیاء ------------------------------ | ۹۸ |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۴۶ | رخ سرکار دو عالم کی ضیاء | ۹۹ |
| ۴۷ | دیدار رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم | ۱۰۰ |
| ۴۸ | زینت ایمان | ۱۰۱ |
| ۴۹ | سکن لھم کا سرور | ۱۰۳ |
| ۵۰ | قرآن اور قسمیں | ۱۰۴ |
| ۵۱ | نعت کہنا سنت خدا ہے | ۱۰۵ |
| ۲۵ | قرآن اور ذکر رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم | ۱۱۰ |
| ۵۳ | وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ | ۱۱۲ |
| ۵۴ | انوار کی باتیں | ۱۱۷ |
| ۵۵ | کون محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم | ۱۱۹ |
| ۵۶ | انسانیت | ۱۲۰ |
| ۵۷ | مدینہ | ۱۲۱ |
| ۵۸ | ذکر محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم | ۱۲۲ |


## حسن سرکار ﷺ


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۵۹ | حسن مصطفیٰ ﷺ احادیث کی روشنی میں | ۱۲۷ |
| ۶۰ | والیل ضحیٰ کا نقشہ | ۱۳۱ |
| ۶۱ | انوار خدا کا روشن دھارا | ۱۳۲ |
| ۶۲ | لب محو تبسم | ۱۳۳ |
| ۶۳ | عاشق کا سفر | ۱۳۴ |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۶۴ | حضرت جابر رضی اللہ عنہ اور حسن مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم --------- | ۱۳۶ |
| ۶۵ | حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور حسن مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم -------- | ۱۳۷ |
| ۶۶ | حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مقدس سراپا ---------- | ۱۳۹ |
| ۶۷ | پُرانوار ذاتیں ------------------------- | ۱۴۰ |
| ۶۸ | سراج منیر --------------------------- | ۱۴۱ |
| ۶۹ | حسن الٰہیہ کا پَرتو ------------------------ | ۱۴۳ |
| ۷۰ | رفعت ذکر رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم --------- | ۱۴۵ |
| | **میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم** | |
| ۷۱ | احادیث میلاد ------------------------- | ۱۵۱ |
| ۷۲ | کافر کو میلاد کا اجر ----------------------- | ۱۵۸ |
| ۷۳ | محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نام کی صورت ---------- | ۱۶۰ |
| ۷۴ | آ گئے آ گئے مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آ گئے ---- | ۱۶۱ |
| ۷۵ | آقا تیرے نور کے مظہر سارے ----------- | ۱۶۲ |
| ۷۶ | پیکر مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم تیرے در کی خیرات ہے -------- | ۱۶۴ |
| ۷۷ | دو انبیاء کی دعائیں -------------------- | ۱۶۶ |
| ۷۸ | ۱۲ ربیع الاوّل کو آنے کی حکمت ------------- | ۱۶۹ |
| ۷۹ | عید میلاد کا قرآنی جواز -------------- | ۱۷۰ |
| ۸۰ | حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا سوال ---------- | ۱۷۱ |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۸۱ | صورت ------------------ | ۱۷۳ |
| ۸۲ | اللہ کا نور آ گیا ------------------ | ۱۷۶ |
| ۸۳ | ابر بہاراں ------------------ | ۱۷۸ |
| ۸۴ | شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمتہ اللہ علیہ کی دعا ------- | ۱۷۹ |
| ۸۵ | میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم علماء امت کی نظر میں --------- | ۱۸۰ |
| | **معراج النبی صلی اللہ علیہ وسلم** | |
| ۸۶ | نقطہ اظہار عظمت ------------------ | ۱۸۷ |
| ۸۷ | نہ گفتار ہے کوئی نہ محو تکلم ------------------ | ۱۸۸ |
| ۸۸ | ہے اک منبع انوار معراج کی شب ------------------ | ۱۸۹ |
| ۸۹ | معراج کی شب ------------------ | ۱۹۰ |
| | **متفرقات** | |
| ۹۰ | ہے صحابی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا پیارا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ --- | ۱۹۳ |
| ۹۱ | توحید کا اظہار حسین رضی اللہ عنہ کا ہے نام ------------------ | ۱۹۴ |
| ۹۲ | قسمت کا روشن ستارا حسین رضی اللہ عنہ ہے ------------------ | ۱۹۵ |
| ۹۳ | حسین رضی اللہ عنہ اگر نہ شہید ہوتا ------------------ | ۱۹۶ |
| ۹۴ | اسلام ٹھوکریں کھاتا پھرتا ------------------ | ۱۹۸ |
| ۹۵ | امام حسین رضی اللہ عنہ اور یزید ------------------ | ۱۹۹ |
| ۹۶ | حضرت غوث اعظم رحمتہ اللہ علیہ کا مقام فنافی الرسول صلی اللہ علیہ وسلم | ۲۰۱ |
| ۹۷ | جو قریہ قریہ پھیلے گا ------------------ | ۲۰۳ |
| ۹۸ | ہمارا طرز خطاب ------------------ | ۲۰۵ |


Marfat.com

# حمد باری تعالیٰ

مجھ ناچار سے تیری ثنا کیا ممکن
کروں تیری بندگی کا حق ادا کیا ممکن

ہر ایک نے یہ مانا کہ رہتا ہے تو پاس اپنے
تجھے کوئی بھی نہ دیکھ سکا کیا ممکن

وہ جس کو تو نے ہے گراں کر دیا
اسے کوئی کر دے بیش بہا کیا ممکن

تیرا نور رہتا ہے دائم جہاں میں
دیکھ لے کوئی تیرا جلوہ کیا ممکن

ہاروؔن سے ناچیز کو بھی دے اپنا آسرا
تیرے سوا کسی کا سہارا کیا ممکن

Marfat.com

# نعت رسول مقبول ﷺ

ہے کلامِ الٰہی میں شمس وضحیٰ ترے چہرۂ نور فزا کی قسم
قسم شبِ تار میں راز یہ تھا کہ حبیب کی زلف دوتا کی قسم
ترے خلق کو حق نے عظیم کہا تری خلق کو حق نے جمیل کیا
کوئی تجھ سا ہوا ہے نہ ہوگا شہا ترے خالقِ حُسن و ادا کی قسم
وہ خدا نے ہے مرتبہ تجھ کو دیا نہ کسی کو ملے نہ کسی کو ملا
کہ کلام مجید نے کھائی شہا ترے شہر و کلام و بقا کی قسم
ترا مسند ناز ہے عرش بریں ترا محرم راز ہے روحِ امیں
تو ہی سرورِ ہر دوجہاں ہے شہا ترا مثل نہیں خدا کی قسم
تو ہی بندوں پہ کرتا ہے لطف وعطا ہے تجھی پہ بھروسا تجھی سے دعا
مجھے جلوہ پاک رسول دکھا تجھے اپنے ہی عزو علا کی قسم
یہی کہتی ہے بلبلِ باغ جناں کہ رضاؔ کی طرح کوئی سحر بیاں
نہیں ہند میں واصف شاہ ہدیٰ مجھے شوخی طبعِ رضاؔ کی قسم

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

# عرضِ مصنّف

منہاج القرآن اسلامک یونیورسٹی میں داخلے کے بعد ابتدائی سالوں میں مجھے نقابت کے فرائض سرانجام دینے کا جو تھوڑا بہت موقع ملا اس نے میرے ذوق خطابت و نقابت کو بڑھایا اور مختلف مقامات پر دوران نقابت کچھ نہ کچھ نقابت کے بارے میں لکھتا رہا جس کا نتیجہ یہ ہوا دھیرے دھیرے میرے پاس نقابت کا کافی مواد جمع ہو گیا، جس میں حسن لفاظی، شاعری اور کچھ دیگر انداز کے بیان و واقعات شامل تھے بعد میں میرے ساتھیوں نے بھی اس سے استفادہ کیا میں ذاتی طور پر اس کو اس قابل نہیں سمجھتا تھا کہ اسے کتابی صورت میں قارئین کے پیش خدمت کیا جائے۔

مگر بقول شاعر

ارشاد احبان ناطق تھا ناچار اس راہ پڑا جانا

چنانچہ اپنے اساتذہ بالخصوص محترم علامہ صفدر مجید قادری، محترم علامہ ظہور اللہ الازہری صاحب اور محترم علامہ محمد الیاس اعظمی صاحب کا میں ممنون اور شکر گزار ہوں جنہوں نے اس سلسلے میں میری حوصلہ افزائی فرمائی۔

کچھ عرصہ بعد میں اپنا مسودہ مشہور نعت گو شاعر جناب ریاض حسین چودھری صاحب کے پاس لے کر گیا تو وہ خاصے خوش ہوئے اور فرمانے لگے نقابت کے موضوع پر پہلے کوئی کتاب نہیں لکھی گئی لہذا آپ کی یہ کوشش قابل ستائش ہے۔ اس سلسلہ میں میری معاونت کرنے والوں میں ایک نمایاں نام علامہ حافظ محمد اقبال اعظم کا ہے۔

Marfat.com

بہر حال قارئین کرام ''زر نقابت'' آپ کے ہاتھوں میں ہے یہ میری زمانہ طالب علمی کی ٹوٹی پھوٹی کوشش اولین ہے اس میں، میں نے مختلف عنوانات کے تحت مواد کو حسن لفاظی کے ساتھ اکٹھا کیا ہے اور کچھ دیگر شعراء کا کلام بھی بطریق اختصار شامل کیا ہے کوئی بھی نقیب محفل آسانی کے ساتھ اپنے ذوق کے مطابق کوئی سا انتخاب کر سکتا ہے۔

موجودہ دور میں نقابت فی نفسہ ایک باقاعدہ فن کی شکل اختیار کر چکا ہے۔ ایک اچھا نقیب مختلف آئٹمز پیش کر کے محفل کے حسن کو دوبالا کر دیتا ہے۔ موجودہ دور میں محافل میں ذوق وشوق کو استوار رکھنا بڑا ضروری ہے۔

نقابت کے حوالے سے چند رہنما باتیں میں نے ''زر نقابت'' میں ذکر کر دی ہیں اس کے علاوہ قوت گفتار کے شائقین ناچیز کی کتاب ''رہنمائے مقرر'' سے استفادہ کر سکتے ہیں اسے پڑھنے کے بعد ''زر نقابت'' میں کی گئی توضیحات کو سمجھنے میں آسانی رہے گی۔ اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ وہ نوجوانان ملت اسلامیہ کو قوت گفتار کے ساتھ ساتھ حسن کردار کی دولت عطا فرمائے اور انہیں دین محمدی کا سچا اور سُچا خادم بنائے۔

آمین بجاہ سیّد المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

احقر العباد

**محمد ہارون شاہ ہاشمی**

Marfat.com

# تقاریظ

Marfat.com

## حضرت علامہ مفتی محمد عبدالقیوم خان ہزاروی مدظلہ العالی

عزیز مکرم محمد ہارون شاہ ہاشمی، جامعہ اسلامیہ منہاج القرآن، سال ششم کے ہونہار، ذہین اور محنتی طالب علم ہیں ذہنی رجحان، قلبی میلان اور خداداد صلاحیتوں کی بنا پر تحریر وتقریر کے میدان میں ابھرتے ہوئے شاہسوار ہیں نئے نئے موضوعات پر ہلکے پھلکے انداز میں خوب لکھتے ہیں اور یہ سلسلہ چلتا رہا تو مستقبل میں تحریر وتقریر اور تحقیق و تدقیق کے میدانوں میں کامیابیوں کے جھنڈے گاڑیں گے۔

اس سے پہلے ان کا علمی اور ادبی شاہکار ''رہنمائے مقرر'' چھپ کر خاص و عام سے داد تحسین حاصل کر چکا ہے اب اسی سلسلے کی دوسری کڑی ''زرنقابت'' کے نام سے چھپ رہی ہے۔ نقش ثانی یقیناً نقش اوّل سے بہتر ہوگا امید ہے کہ یہ قلمی کاوشیں جاری رہیں گی اور علمی حلقوں میں اچھے، شستہ اور علمی ادب کا اضافہ ہوگا۔

؎ اللہ کرے زور قلم اور زیادہ

بالخصوص طلبہ کے لئے ان کی تحریریں بہت مفید اور کارآمد ہیں جن کو مستقبل میں تقریر وتحریر کے میدانوں میں اترنا اور اپنا سکہ جمانا ہے اللہ تعالیٰ ان کے علمی وادبی شہ پاروں کو خوب سے خوب تر کا مقام عطا فرمائے اور مؤلف کو صحت وسلامتی سے مزید علمی وفکری خدمات کی توفیق دے۔

عبدالقیوم خان

جامعہ اسلامیہ منہاج القرآن لاہور

23-5-98

Marfat.com

# پروفیسر علامہ محمد ظہور اللہ قادری الازھری

الحمد للہ الذی ارسل رسولہ کافۃ للناس والصلوۃ والسلام علیٰ رسولہ الکریم و علیٰ آلہٖ الیٰ یوم القیامۃ

اللہ تعالیٰ نے انسان کو جو بیش بہا نعمتیں عطا فرمائیں ان میں سے ایک نعمت ''نطق'' ہے یعنی اسے قوت گویائی عطا فرمائی ہے جس کے ذریعے وہ اپنے مافی الضمیر کا اظہار کر سکتا ہے اور انسان کو اشرف المخلوقات بنانے میں ایک سبب اس کا اس نعمت سے متصف ہونا بھی ہے اس نطق کے لئے ''بیان'' کا لفظ بھی استعمال فرمایا جو اس سے زیادہ وسیع تر معانی میں آتا ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

| | |
|---|---|
| الرحمان علم القرآن خلق الانسان علمہ البیان | وہ رحمٰن جس نے قرآن کی تعلیم دی انسان کو تخلیق فرمایا (اور) اسے بیان کی تعلیم دی۔ |

(الرحمن: ۱.۴)

بیان کا لفظ قرآن میں مختلف اشتقاقات کے ساتھ دو سو سے زائد مرتبہ استعمال ہوا ہے جس سے ''نعمت بیان'' کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے کبھی اللہ تعالیٰ نے اپنے طرف اس کی نسبت کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

| | |
|---|---|
| کذالک یبین اللہ لکم الایات لعلکم تتفکرون | اسی طرح اللہ تمہارے لئے آیات کو واضح فرماتا ہے تاکہ تم غور کرو۔ |

(البقرۃ: ۲:۲۱۹)

اور کبھی اس کی نسبت اپنے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف فرمائی۔

Marfat.com

**قدجاء کم رسولنا یبین لکم کثیرا مما کنتم تخفون من الکتاب** تحقیق تمہارے پاس ہمارا رسول آیا جو تم کو بہت سی ایسی چیزیں کھول کر بیان کرتا ہے جس کو تم چھپاتے ہو۔ (المائدہ: ۵:۱۵)

اسی طرح معلم کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

**ان من البیان لسحرا** بے شک بعض ''بیان'' بالکل جادو ہوتے ہیں

اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ''بیان'' کے اعلیٰ درجے پر فائز فرمایا اور اسی لئے آپ فرماتے ہیں:

**انا افصح العرب ولا فخر** میں اہل عرب میں سے زیادہ فصیح اللسان ہوں لیکن میں اس پر فخر نہیں کرتا۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی، آقا دو جہاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حسن بیان کا ذکر یوں کرتے ہیں:

تیرے سامنے ہیں یوں دبے لچے
فصحاء عرب کے بڑے بڑے
کوئی سمجھے منہ میں زبان نہیں
نہیں بلکہ جسم میں جان نہیں

اہل عرب میں فصاحت و بلاغت اور حسن بیان کی بہت قدر و منزلت تھی یہاں تک کہ وہ اپنے قبائل کے سردار کا انتخاب کرنے میں بھی اس وصف کا لحاظ رکھتے تھے۔ قران مجید کی فصاحت و بلاغت نے سارے عرب کی روائتی دانش اور ادبی قدرت کو مبہوت کر دیا اور سب اس کی اسلوب بیاں کے سامنے دم بخود ہو گئے۔ آقا دو جہاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں بھی صاحب اللسان اور فصحاء و بلغاء کی قدر کی جاتی آپ حضرت حسان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خود اپنے سامنے کھڑا فرما کر ان کا کلام

Marfat.com

سماعت فرماتے۔

فصاحت و بلاغت اور حسن بیان کی ہر زبان میں قدر کی جاتی ہے کیونکہ ان صفات کا حامل شخص اپنے مافی الضمیر کو دوسروں تک بڑے حسن خوبی کے ساتھ پہنچا سکتا ہے اسلامی ادب میں دیکھا جائے تو خود کتاب الٰہی فصاحت و بلاغت اور حسن بیان کا ایک نادر نمونہ ہے۔ جس کی مثال لانا ممکن نہیں اور پھر سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشادات عالیہ بھی انہیں خصوصیات سے مالا مال ہیں۔ قرآن کریم کی فصاحت پر باقاعدہ کتابیں لکھی گئیں جو بعد میں ''بلاغت'' کے نام سے ایک فن معرض وجود میں آ گیا۔ اسی طرح فن تقریر اور فن خطابت کی اہمیت کے حوالے سے اس موضوع پر مستقلاً کتب تحریر کی گئیں جن سے بلاشبہ اس فن کو عروج ملا۔

یہ کتاب ''زر نقابت'' عزیزم محمد ہارون شاہ کی کاوش ہے یہ کتاب جب صرف تصورات میں تھی تو میں اس وقت بھی اس سے شناسا تھا اور میں نے ان کو مشورہ دیا تھا کہ یہ کتاب سٹیج پر نئے آنے والوں کے لئے خاصی مفید ہے لہذا اسے منظر عام پر آنا چاہئے مجھی خوشی ہے کہ آج یہ کتابی صورت میں آپ کے سامنے ہے، شاہ صاحب میں نصابی کتب کے ساتھ غیر نصابی کتب کے مطالعے کا ذوق قابل تحسین ہے اور تقریر وتحریر کے ساتھ بھی خاصی دلچسپی ہے اللہ تعالیٰ ان کو علم نافع اور عمل صالح کی توفیق عنایت فرمائے اور سینہ ''الم نشرح'' کا صدقہ ان کا سینہ نور علم سے بھر دے اور آقا کے دین کی خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین

ظہور اللہ قادری الازہری

3-6-98

Marfat.com

# لختِ جگر قائدِ انقلاب صاحبزادہ حسن محی الدین قادری

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

خداوندِ قدوس و برتر نے "**علمه البیان**" کے مطابق حضرت انسان کو نطق و گویائی کی صلاحیت عطا کر کے دیگر مخلوقات سے اسے منفرد و ممتاز درجہ عطا کر دیا دوسرے لوگوں تک اپنے جذبات، احساسات اور افکار و خیالات کے کماحقہ ابلاغ و افہام کا فن بجا طور پر غیر معمولی نعمت خداوندی ہے جس کی بدولت ایک انسان دیگر انسانوں پر فائق ہوتا ہے اس فن کو علمِ بیان میں "فنِ خطابت" کہا جاتا ہے اور "نقابت" کا فن بھی "خطابت" کا ایک اہم ترین حصہ ہے اگر نقابت کو خطابت کی ابتداء کہا جائے تو بے جا نہ ہو گا۔ ایک نقیب جہاں جانِ محفل ہوتا ہے وہاں خطیب کے جذبوں کو بھی ارتعاش بخشتا ہے اور شائقین کی سماعتوں کے در وا کرتا ہے ایک خوش بیان نقیب کے لئے حاضر دماغی، تیز قوتِ حافظہ، وقت کی نبض شناسی اور گہرا مطالعہ جیسی خوبیوں کا حامل ہونا ضروری ہوتا ہے۔

زیرِ نظر کتاب بھی اسی سلسلے میں ایک اچھی کاوش ہے فنِ نقابت کے مبتدی کی راہنمائی کرتی ہے۔ دعا ہے کہ اللہ رب العزت برادرم محمد ہارون شاہ صاحب کی اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیت سے نوازے۔

اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ

دعا گو

حسن محی الدین قادری

# اعجاز سخن

سینہ روشن ہو تو ہے سوز سخن عین حیات

ہو نہ روشن تو سخن مرگ دوام اے ساقی

ابن آدم کی فطری صلاحیتوں پر اگر بنظر عمیق غور کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ جو خوبی اسے تمام ذی روح مخلوق پر برتری کا شرف بخشتی ہے اور جس کی بنا پر اسے خدا کے حسن تخلیق کا شاہکار کہا گیا ہے وہ ملکہ بیان و اظہار اور فن خطابت ہے دراصل یہ صفت ایک بہت بڑا انعام ہے جو اسے منعم حقیقی کی جناب سے ودیعت کیا گیا ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے:

الرحمن علم القرآن خلق الانسان علمه البیان — رحمٰن نے قرآن کی تعلیم دی اس نے انسان کو پیدا کیا پھر قوت گویائی سے نوازا

انسانی معاشرے میں قوت گویائی کی اہمیت اس قدر ظاہر و باہر ہے کہ محتاج بیان نہیں انسانی زندگی کا شائد ہی کوئی گوشہ ایسا ہو جو اس کی گرفت سے آزاد ہو۔ انسان کی تمام سرگرمیاں اور کامیابیاں حسن گفتگو پر ہی منحصر ہیں مگر اس جوہر سے محرومی شائد انسانی زندگی کی سب سے بڑی محرومی ہے جیسا کہ ایک مغربی مفکر سی۔ بر جس نے کہا تھا:

**"Not to be able to express one's thought is, perhaps life's greatest frustation."**

تاریخ عالم گواہ ہے کہ دنیا کے بیشتر انقلابی راہنماؤں نے جس ہتھیار سے لوگوں کے دلوں اور ذہنوں کو تسخیر کیا وہ ان کی صلاحیت نطق و گویائی ہی تھی۔ انیسویں صدی میں والٹر اور روسو نے عظیم ذہنی انقلاب اپنی خطابت کے ذریعے ہی برپا کیا۔ جرمنی

Marfat.com

کے مرد آہن ہٹلر نے ایک مردہ اور شکست خوردہ قوم کے عروق مردہ میں اپنی تقریروں سے ہی روح پھونکی۔ پھر مولانا محمد علی جوہر، ابوالکلام آزاد، مولانا ظفر علی، سیّد عطاء اللہ شاہ بخاری، قائداعظم اور شورش کاشمیری برصغیر کے وہ عظیم مقررین تھے جنہوں نے بہت تھوڑے عرصے میں اپنے زور خطابت سے غلامی کی زنجیروں میں جکڑے ہوئے مسلمانوں کے دلوں میں آزادی کی شمع روشن کردی۔

خطابت قوموں کی تعمیر میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے یہ ایک ایسا جوہر ہے جو انسان میں بلندی اور برتری کا احساس پیدا کرتا ہے۔ اس فن میں وہ جادو ہے کہ خطیب اگر چاہے تو اپنے سامنے بیٹھے ہوئے مجمع کے جذبات پر اس حد تک قابو پالے کہ چاہے تو سر پر کفن باندھ کر لڑنے پر مجبور کردے اور چاہے تو ان کو جذبات کے اس مقام پر لے جائے جہاں سے وہ انقلاب بپا کرنے کے لئے اٹھیں اور حکومت کا تختہ الٹ کر رکھ دیں، بہت سے ایسے مقررین گزرے ہیں جن کی پُراثر اور پُرجوش خطابت نے فسق وفجور میں ڈوبے لوگوں کو سچے خدا کی عبادت کی طرف مائل کیا اور نڈھال اور شکست خوردہ سپاہیوں میں اپنی خطابت سے وہ روح پھونک دی کہ پھر اندلس کے میدان میں چند ہزار سپاہیوں نے لاکھوں کی فوج کو پیچھے ہٹنے پر مجبور کر دیا۔

قوت بیان و اظہار ایک مقدس اور نیک وصف بھی ہے دنیا کے تمام قومی راہنماؤں مصلحین حتیٰ کہ خدا کے بھیجے ہوئے پیغمبروں تک نے اسی سے کام لیا اسی بنا پر یہ ایک پیغمبری وصف کہلایا۔

محمد اختر ضیاء
ریسرچ سکالر
ڈائریکٹوریٹ آف ریسرچ اینڈ ٹریننگ

Marfat.com

# رہنما باتیں

Marfat.com

## بیان کی اقسام

اللہ رب العزت نے اپنی کتاب قرآن کریم میں انسان کی بابت ارشاد فرمایا ''علمہ البیان''، یعنی انسان کو بیان اور قوت گویائی کا سلیقہ بخشا۔ قرآن کریم کی مذکورہ آیت کریمہ میں مطلقاً بیان کا ذکر ہے جبکہ تمام بیان ایک جیسے نہیں ہوتے۔ بعض بیان بڑے پُرکشش اور اثر انگیز ہوتے ہیں۔ جن کی بابت حضور اکرم ﷺ نے فرمایا ''ان من البیان لسحرا'' یعنی بعض بیان بالکل جادو ہوتے ہیں، مراد یہ ہے کہ ان کا اثر فوری ہوتا ہے جبکہ بعض بیان تاثیر سے خالی، بالکل خشک، اور ناپسندیدہ ہوتے ہیں۔

قرآن کی درج بالا آیت میں جس قوت گویائی کا ذکر ہے یہی اپنے کمال کو پہنچے تو بہترین تقریر کا رنگ دھار لیتی ہے۔ تقریر کیا ہے اپنے احساسات، جذبات، خیالات اور افکار کو بطریق احسن سامعین کے روبرو پیش کرنا، گویا ایک اچھی تقریر مہکتے پھولوں کی طرح ہے جو تتلیوں کو اپنی طرف مائل کرتا ہے، یا پھر اچھی تقریر کی مثال مقناطیس کی طرح ہے جیسے مقناطیس لوہے کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔ ویسے ہی ایک بہترین مقرر اپنے حُسن انداز، اور حُسن تقریر سے سامعین کے دلوں کو اپنی طرف مائل کرتا ہے۔

جیسا کہ اوپر ذکر کیا جا چکا ہے کہ تمام بیان ایک جیسے نہیں ہوتے لہذا بیان کی درج ذیل تین قسمیں ہیں۔

۱ سادہ بیان۔

۲ حسن لفاظی کے ساتھ بیان۔

۳ حسن انداز کے ساتھ بیان۔

ذیل میں ان کا مثالوں کے ذریعے سے ذکر کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

## ا۔سادہ بیان

''سادہ بیان سے مراد وہ بیان ہے جس کا انداز بھی سادہ ہو جس کے الفاظ بھی مختصر اور سادہ ہوں الفاظ میں تکلف نہ ہو، جس میں بات فقط سمجھانے کی حد تک جوں کی توں بیان کی جائے۔''

جیسے حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

''میں نے چاند دیکھنے کے بعد یہ فیصلہ کیا کہ آپ ﷺ اس سے زیادہ خوبصورت ہیں۔''

مندرجہ بالا بیان بالکل سادہ ہے اس میں الفاظ کے پھول نہیں چڑھائے گئے اور نہ ہی حسن لفاظی کا رنگ اس پر بکھیرا گیا ہے۔

## ۲۔حسن لفاظی کے ساتھ بیان

''اس سے مراد وہ بیان ہے جسے حسن الفاظ کے ساتھ مرقع کیا گیا ہو اور سننے والے کے لئے باعث لذت ٹھہرے یعنی سادہ بیان میں جب خوبصورتی اور حسن سے معمور الفاظ کو ملایا جائے تو وہ بیان حسن لفاظی میں بدل جاتا ہے۔''

جیسے اوپر ذکر کئے گئے سادہ بیان کو ہم یوں حسن لفاظی میں بدل سکتے ہیں حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

ایک دفعہ کا ذکر ہے چودھویں کا چاند اپنی آب و تاب سے چمک رہا تھا میں اپنے گھر سے نکلا، کوئے مصطفیٰ ﷺ میں پہنچا میں نے دیکھا حضور ﷺ ایک حویلی کے اندر تشریف فرما ہیں اور سرخ دھاری دھار چادر آپ ﷺ نے زیب تن کر رکھی ہے۔ میں آپ کے سامنے ایسے بیٹھا کہ چودہویں کا چاند بھی میرے سامنے تھا اور

Marfat.com

حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کا چاند بھی میرے سامنے تھا میں موازنہ کر رہا تھا کہ دونوں میں جمال کس کا اعلیٰ ہے۔ دونوں میں حسن کس کا بالا ہے۔

میری نظر کبھی زمین کے چاند پے پڑتی۔

کبھی عالمین کے چاند پے پڑتی۔

بالآخر میرے دل نے یہ فیصلہ کیا کہ جابر!

چاند سے تشبیہ دینا یہ بھی کیا انصاف ہے

اس کے منہ پے چھائیاں ان کا چہرہ صاف ہے

## ۳۔حسن انداز کے ساتھ بیان

’’حسن انداز سے مراد یہ ہے کہ مقرر اشارات، الفاظ کے اتار چڑھاؤ، جوش و جذبے کا برمحل استعمال کرے۔ مثال

اس کی مثال یہ ہے کہ اللہ پاک نے قرآن جیسی عظیم کتاب کو عرش کی بلندیوں سے زمین کی پستیوں کی طرف ہدایت انسانی کے لئے نازل فرمایا ’’عرش کی بلندیوں‘‘ کے الفاظ ادا کرتے ہوئے مقرر اوپر کی طرف اشارہ کرے جب کہ زمین کی پستیوں کے الفاظ کہتے ہوئے نیچے کی طرف اشارہ کرے۔

حسن انداز کے ساتھ بیان یا تقریر کو مقید کرنے سے وہ تمام قسم کی تقاریر خارج ہو جاتی ہیں۔ جن میں حسن لفاظی ہو مگر بے جاں اور بے مقصد توقف اور بلا ضرورت جوش کا اظہار کیا جائے۔

## سادہ بیان کی تشریح کے طریقے

سادہ بیان کو تشریح کے ذریعے سے حسن لفاظی کا جامہ پہنایا جا سکتا ہے۔ سادہ

Marfat.com

بیان کو خوبصورت اور حسن بیان سے مرقع کرنا" سادہ بیان کی تشریح" کہلاتا ہے۔

۱ طرز ابہام یا مبہم طریقہ

۲ طرز توضیح

۳ طرز بین الابہام والتوضیح

## ۱۔ طرز ابہام یا مبہم طریقہ

کلام میں حسن لفاظی کو مقصد سے پہلے ذکر کرنا "تشریح بطرز ابہام کہلاتا ہے" یعنی تشریح کا مبہم طریقہ وہ طریقہ ہے جس میں متکلم الفاظ کو سامعین کے سامنے تسلسل کے ساتھ کہنا شروع کر دیتا ہے اور سامعین فکر Suspense میں مبتلا ہو جاتے ہیں کہ متکلم کیا چاہتا ہے۔ بالآخر متکلم آخر کلام میں اپنے مقصود کو واضح کرتا ہے تو متکلم کا یہ طرز عمل سامعین کے لئے خاصی دلچسپی کا باعث بنتا ہے۔

طرز ابہام کی مثال۔

گرجتے بادل

گھنے جنگل

بلبل کا ترنم

کلیوں کا تبسم

چمکتی بجلیاں

لہلہاتی کھیتیاں

سمندر کی موجیں

دریا کی لہریں

Marfat.com

فلک کی نیلاہٹ

کہکشاؤں کی جھلملاہٹ

ستاروں کی دمک سورج کی کرن

حنا کی رنگت چمبیلی کے دہن

پتوں کی حسینی شاخوں کی نزاکت

خار کی دھاریں تنے کی طاقت

قمر کی قمری سورج کی ضیائیں

بہار کا موسم اور چلتی سی صبائیں

رمق، دمق، چمک، اور یہ چمکارے

چہک، مہک، سسک، اور یہ سیارے

حسن کے جتنے بھی نظارے ہیں

آقا تیرے نور کا مظہر سارے ہیں

درج بالا انداز تکلم سے واضح ہے کہ متکلم کے ابتدائی کلمات حیرت زدہ کرنے والے ہیں اور ابتدائی کلمات سنتے وقت سامعین سوچ میں پڑ جائیں گے کہ متکلم کیا کہنا چاہتا ہے مگر آخری کلمات ''حسن کے جتنے بھی نظارے ہیں' آقا تیرے نور کا مظہر سارے ہیں'' سے پہلے تمام تر کلام کی وضاحت ہوگئی۔

## ۲۔ طرز توضیح

''کلام میں حسن لفاظی کو مقصود کے بعد ذکر کرنا تشریح بطرز توضیح کہلاتا ہے''۔ یعنی طرز توضیح میں پہلے ایک چیز بیان کر کے پھر حسین الفاظ اور بہتر انداز سے اس کی وضاحت کی جاتی ہے۔

Marfat.com

طرز توضیح کی مثال

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا یہ شعر

لنا شمس وللافاق شمس

و شمسنا تطلع بعد العشاء

سامعین گرامی قدر دراصل حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بتانا یہ چاہتی ہیں کہ اے لوگو! ایک سورج کائنات کا سورج ہے اور ایک ہمارا سورج ہے مگر فرق یہ ہے کہ

| | |
|---|---|
| یہ زمین کا سورج ہے | وہ عالمین کا سورج ہے۔ |
| یہ سورج کائنات میں گھومتا ہے | اس سورج کے گرد کائنات گھومتی ہے |
| یہ سورج غروب ہو جاتا ہے | وہ سورج عروج پے رہتا ہے |
| یہ سورج چلتا ہے تو نیچے آتا ہے | وہ سورج چلتا ہے تو عرش اعلیٰ سے بھی اوپر چلا جاتا ہے۔ |
| یہ سورج جان کو زندہ رکھتا ہے | وہ سورج ایمان کو زندہ رکھتا ہے |
| یہ سورج تیز روشنی سے جلا دیتا ہے | وہ سورج اپنی روشنی سے جلا دیتا ہے |
| یہ سورج اشارے سے واپس آنے والا ہے | وہ سورج اشارے سے بلانے والا ہے |
| یہ سورج منبع اجزا ہے | وہ سورج پیکر مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہے |

## ۳۔ طرز بین الابہام والتوضیح

”کلام میں حسن لفاظی کو مقصود کے ساتھ ساتھ ذکر کرنا تشریح بطرز بین الابہام والتوضیح کہلاتا ہے“

Marfat.com

## طرز بین الابہام والتوضیح کی مثال

حضرات گرامی قدر جو کچھ بھی ملا ہے وہ مصطفیٰ ﷺ کے صدقے سے ملا ہے۔ یعنی

ستاروں کی دمک ملی تو مصطفیٰ ﷺ کے صدقے سے۔

سیاروں کی چمک ملی تو مصطفیٰ ﷺ کے صدقے سے۔

آفتاب کی روشنی ملی تو مصطفیٰ ﷺ کے صدقے سے۔

ماہتاب کی چاندنی ملی تو مصطفیٰ ﷺ کے صدقے سے۔

دریا کی لہریں ملیں تو مصطفیٰ ﷺ کے صدقے سے۔

سمندر کی موجیں ملیں تو مصطفیٰ ﷺ کے صدقے سے۔

فلک کی چھتری ملی تو مصطفیٰ ﷺ کے صدقے سے۔

زمین کی طشتری ملی تو مصطفیٰ ﷺ کے صدقے سے۔

مکین ومکاں ملے تو مصطفیٰ ﷺ کے صدقے سے۔

دین وایماں ملا تو مصطفیٰ ﷺ کے صدقے سے۔

ارے قرآں ملا تو مصطفیٰ ﷺ کے صدقے سے۔

بلکہ خدا کی قسم رحمان ملا تو مصطفیٰ ﷺ کے صدقے سے۔

Marfat.com

حصہ دوم

# تقریر کے عناصر

۱ موضوع

۲ مواد

۳ پیرایہ یا انداز

۴ نفسیات

۵ کیفیت

Marfat.com

# تقریر کے عناصر

تقریر کے لئے کچھ بنیادی چیزیں ہیں جنہیں مدنظر رکھنا مقرر کے لئے ضروری ہے اگران عناصر کو مدنظر نہ رکھا جائے تو تقریر کا حسن ماند پڑ جائے گا اور جس قدر یہ اشیاء مقرر کے پیش نظر ہوں گی اس قدر تقریر میں حسن اور نکھار پیدا ہوگا دوران تقریر مدّنظر رکھی جانے والی ضروری اشیاء کو ہم ''تقریر کے عناصر'' سے موسوم کرتے ہیں جو کہ درج ذیل ہیں۔

## ا۔ موضوع

موضوع تقریر کا اہم ترین اور بنیادی عنصر ہے۔ ہر تقریر کا کوئی نہ کوئی موضوع ہوتا ہے جس کے لئے تقریر وضع کی جاتی ہے موضوع کو پہچاننا اور موضوع کے مختلف پہلوؤں کی شناسائی حاصل کرنا انتہائی لازمی امر ہے۔ چونکہ دوران تقریر دلائل موضوع ہی کے پیش نظر دیئے جاتے ہیں لہذا جو مقرر موضوع کی صحیح معرفت حاصل کرنے میں ناکام رہے اس کے دلائل خواہ کتنے ہی قوی (strong) کیوں نہ ہوں موضوع سے مناسبت نہ رکھنے کی وجہ سے وہ ناقابل تسلیم تصور کئے جائیں گے۔

موضوع پر دسترس حاصل کرنے کے لئے پہلے چاہیئے کہ انسان مختلف پیروں اور بیانات سے موضوع اخذ کرنا سیکھے اس تجربے سے اس موضوع پر دلائل دینے کی صلاحیت میسر آئے گی۔

موضوع کو وسعت دینے کے لئے ''تخصیص العام فی الموضوع'' کا طریق کار اپنایا جا سکتا ہے۔ اس مقام پر مناسب ہے کہ ہم ''تخصیص العام فی الموضوع'' کی Term کی وضاحت کریں۔

Marfat.com

## تخصیص العام فی الموضوع

تخصیص العام فی الموضوع سے مراد یہ ہے کہ موضوع میں سے کسی عام چیز کو خاص کر کے اس پر مختلف پہلوؤں (ospects) اور حوالوں سے گفتگو کر کے اسے موضوع کی طرف لوٹا دینا۔ سمجھنے کے لئے ہم درج ذیل آیت کریمہ کا سہارا لیتے ہیں۔

سورہ الحجرات میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

ان الذین یغضون اصواتھم عند رسول اللہ اولٰئک الذین امتحن اللہ قلوبھم للتقوی لھم مغفرۃ واجر کریم

"بے شک جولوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس اپنی آوازیں پست کرتے ہیں ان کے دلوں کو اللہ تعالیٰ نے تقویٰ کے لئے چن لیا ہے ان کے لئے مغفرت اور اجر کریم ہے"

مذکورہ بالا آیت کریمہ کا موضوع ادب مصطفیٰ ﷺ ہے اس آیت کریمہ میں حضور کا ادب کرنے والوں کے لئے تین انعامات کا ذکر ہے پہلا انعام تقویٰ دوسرا مغفرت اور تیسرا انعام اجر کریم ہے۔ ان تینوں میں سے اگر مقرر دوران تقریر تقوے کو خاص کر لے تقویٰ جو پہلا انعام ہے حضور کے ادب کرنے والوں کے لئے ہم دیکھتے ہیں کہ یہ چیز کیا ہے؟ مثلاً کہا جائے کہ جسے تقویٰ عطا ہوا وہ متقی بن گیا اور ارشاد باری تعالیٰ ہے

وعلموا ان اللہ مع المتقیں کہ جان لو بے شک اللہ متقی لوگوں کے ساتھ ہے تو پتہ چلا حضور کا ادب کرنے والوں کے ساتھ اللہ ہے۔

اور قرآن کی بابت اللہ پاک نے فرمایا ھدی للمتقین یہ قرآن متقی لوگوں کے لئے ہدایت ہے۔ اور متقی کی ایک علامت یہ ہے کہ وہ حضور کا مؤدب ہو تو معلوم ہوا کہ

Marfat.com

قرآن کا نور اس کو ملتا ہے جو سرورِ کائنات کا احترام و اکرام کرتا ہے۔ جس کے دل میں مصطفیٰ ﷺ کا ادب نہ ہو وہ ہزار بار قرآن کو پڑھے مگر قرآن کا نور اسے کبھی بھی میسر نہیں آ سکتا۔ اسی طرح تقویٰ پر مزید دلائل لائے جائیں تو ہم اس ٹرم Term "تخصیص العام فی الموضوع" کہیں گے۔

## ۲۔ مواد

تقریر کا دوسرا اہم عنصر مواد (Material) ہے مواد سے مراد وہ دلائل (Arguments) ہیں جو موضوع کی مناسبت سے پیش کئے جاتے ہیں۔ بالفاظ دیگر جس علمی گفتگو و بیانات پر تقریر مشتمل ہوتی ہے۔ اسے مواد کہتے ہیں جس قدر مواد کا تعلق موضوع سے زیادہ ہوگا اس قدر بہتر سے بہتر تصور کی جائے گی۔ مواد کے جاندار ہونے کا تعلق بالخصوص دلائل پر ہوتا ہے لہذا اہم دلائل کا مختصر تذکرہ کرتے ہیں۔

## دلائل کی اقسام

دلائل کی درج ذیل دو اقسام ہیں جن کا ذکر حسب ذیل ہے۔

## ا۔ نقلی دلائل

ان سے مراد وہ دلائل ہیں جن کا تعلق قرآن و حدیث سے ہو ان کی درج ذیل تین اقسام ہیں۔

### ا۔ قطعی نقلی دلائل

وہ نقلی دلائل جو سو فیصد یقینی ہوں یعنی کسی مضمون کے متعلق ان کے الفاظ بھی

Marfat.com

بالکل واضح، صریح اور صاف ہوں اور سند وثبوت بھی بالکل درست اور قطعی ہو۔

## ب۔ ظنی نقلی دلائل

ان سے مراد وہ نقلی دلائل ہیں جو قطعی تو نہیں ہوتے مگر ان سے جو بات ثابت ہوتی ہے اس کے صحیح ہونے کا غالب گمان ہوتا ہے۔

## ج۔ وہمی نقلی دلائل

ان سے مراد وہ دلائل ہیں جن کی صحت کا گمان بھی قائم نہ کیا جا سکتا ہو۔ یعنی وہ مخصوص وہم اور اندازہ یا تخمینہ پر مشتمل ہوں۔

## عقلی دلائل

ان سے مراد وہ دُلائل ہیں جن کی بنیاد عقل پر ہو ان کی بھی درج ذیل اقسام ہیں

## ا۔ قطعی عقلی دلائل

ان سے مراد ایسے عقلی دلائل ہیں جو سو فیصد یقینی ہوں اور انہیں ہر انسان بلا چوں و چرا تسلیم کر لیتا ہو۔

## ب۔ ظنی عقلی دلائل

''وہ عقلی دلائل جو سو فیصد یقینی تو نہ ہوں مگر تجربے اور عقل کی بناء پر ان کے صحیح ہونے کے غالب گمان کا پہلو نہ پایا جاتا ہو۔

وہمی عقلی دلائل وہ دلائل ہوتے ہیں جن کی بنیاد فقط وہم اور محض قیاس ہو اور جن میں گمان غالب کا پہلو نہ پایا جائے۔

Marfat.com

## ج۔ وہمی عقلی دلائل

وہمی عقلی دلائل وہ دلائل ہوتے ہیں جن کی بنیاد فقط وہم اور محض قیاس ہو اور جن میں گمان غالب کا پہلو نہ پایا جائے۔

## ۳۔ پیرایہ یا انداز

پیرائے یا انداز میں اشارات وغیرہ شامل ہیں۔ اچھے اور مناسب اشارات تقریر کے حُسن کو بڑھا دیتے ہیں۔ تقریر میں موقعے اور محل کے مطابق انداز کو اپنانا چاہیئے۔ یعنی کہاں جوشیلا انداز اپنایا جائے؟ اور کہاں عام انداز میں گفتگو کی جائے؟ ان مقامات کی شناسائی کا انحصار مقرر کی ذہنی سطح پر ہوتا ہے۔ چونکہ ہاتھ باندھ کر تو کبھی تقریر صحیح نہیں ہوا کرتی لہذا انداز کو تقریر کا عنصر قرار دیا گیا ہے۔ البرٹ ہیرب نے کیا خوب کہا ہے ''تقریر کو کامیاب بنانے میں الفاظ کا زیادہ ہاتھ ہوتا ہے۔''

## ۴۔ نفسیات

کس مجلس، کیسے اور کس ذہنی سطح کے لوگوں سے خطاب کیا جا رہا ہے اس سے آشنا ہونا مقرر کے لئے بہت ضروری ہے۔ کم فہم اور کم عقل لوگوں کے سامنے علمی قسم کی باتیں کرنا اور اعلیٰ علمی قسم کے دلائل پیش کرنا بھینس کے آگے بین بجانے کے مترادف ہے اس لئے کہا جاتا ہے ''**کلمو الناس علی قدر عقو لهم**'' کہ لوگوں سے ان کی ذہنی سطح کے مطابق بات کرو۔

## ۵۔ کیفیت

کیفیت سے مراد ہے کہ جو کچھ مقرر کہہ رہا ہے اس کے اثرات مقرر کی اپنی ذات پر وارد ہوں۔ تب وہ مجمع میں مطلوبہ ماحول پیدا کرنے میں کامیاب ہو سکتا ہے۔

Marfat.com

## حصہ سوم

# تقریر کی اقسام

۱ معلوماتی تقریر

۲ جذباتی تقریر

۳ رسمی یا وقتی تقریر

۴ مذہبی تقریر

۵ احساساتی تقریر

۶ فکری تقریر

۷ تربیتی تقریر

Marfat.com

## ۱۔ معلوماتی تقریر

ایسی تقریر جس میں سامعین کو محض معلومات فراہم کرنا ہوں یا انہیں کچھ چیزوں سے آشنا کرنا مقصود ہو مثال کے طور پر ملکی یا بین الاقوامی حالات سے آگاہ کرانا یا کسی قسم کی سازشوں سے واقف کروانا وغیرہ ایسی تقریر میں عام (simple) لہجہ اختیار کیا جاتا ہے۔ اس میں زیادہ گرم جوشی سے اجتناب کیا جائے۔

## ۲۔ جذباتی تقریر

وہ تقریر جس میں سامعین یا مخالفین کے جذبات کو ابھارا جائے خواہ یہ جذبات کسی کے حق میں ہوں یا کسی کے خلاف ایسی تقریر میں خوب جوش و جذبے سے کام لیا جائے۔

## ۳۔ رسمی یا وقتی تقریر

اس سے مراد وہ تقریر ہے جو رسماً کی بجائے مثال کے طور پر کسی تقریر وغیرہ میں مہمان خصوصی کو جس تقریر کے لئے بلایا جاتا ہے اسے ہم رسمی یا وقتی تقریر کر سکتے ہیں۔ یوم پاکستان، یوم آزادی، یوم قائد وغیرہ پر کی جانے والی تقاریر کو ہم وقتی یا رسمی تقاریر کہیں گے۔

## ۴۔ مذہبی تقریر

ایسی تقاریر جن کی بنیاد مذہب ہو انہیں مذہبی تقاریر کہا جاتا ہے۔ عام تقاریر اور مذہبی تقاریر میں تقریری رنگ الگ الگ ہوتا ہے۔ جمعہ کے خطبات، عیدین کے خطبات اور دیگر مذہبی تہوار پر کی جانے والی تقاریر مذہبی تقاریر کہلاتی ہیں ایسی تقاریر کا

Marfat.com

مقصد سامعین کو مذہب سے قریب کرنا ہوتا ہے۔

## ۵۔احساساتی تقریر

جو کچھ مقرر سامعین میں محض احساس پیدا کرنے کی خاطر کہے اگرچہ وہ چیزیں پہلے ہی سامعین جانتے ہوں انہیں فقط احساس دلانا مقصود ہو تو ایسی تقریر کو ہم احساساتی تقریر کہیں گے۔

## ۶۔تربیتی تقریر

تربیتی تقریر وہ تقریر ہے جس میں سامعین کی تربیت کرنا مقصود ہو اس تقریر میں عامیانہ انداز اپنایا جاتا ہے اور سامعین کی تربیت پر توجہ دی جاتی ہے۔

## ۷۔فکری تقریر

"تقریر جو سامعین میں کسی قسم کی فکر اجاگر کرنے کے لئے کی جائے اسے فکری تقریر کہا جائے گا۔اس میں فکری قسم کے کلمات اور انداز کو اپنایا جائے گا۔

Marfat.com

## حصہ چہارم

# تقریر کی تقسیم

ابتائیہ اور اس کے عناصر

میانیہ اور اس کے عناصر

اختتامیہ اور اس کے عناصر

اچھی تقریر کی خوبیاں

Marfat.com

## ابتدائیہ

تقریر کے ابتدائی الفاظ کو ''ابتدائیہ'' سے موسوم کیا جاتا ہے اس میں تمہیدی کلمات شامل ہوتے ہیں الغرض تقریر کے شروع کے الفاظ کو ہم تقریر کا ابتدائیہ کہتے ہیں۔ ''ابتدائیہ'' کے عناصر درج ذیل ہیں۔

## ا۔ ذکر موضوع

اولاً یعنی تقریر کے شروع میں سامعین کے سامنے موضوع کا ذکر کیا جائے گا کہ آج اس تقریر کا موضوع کیا ہے۔

## ۲۔ تعارف موضوع

مقرر موضوع کا تعارف کروائے گا۔ یعنی اگر موضوع کچھ پیچیدہ ہے تو اس کی وضاحت کر دی جائے تاکہ سامعین کو موضوع کی مکمل طور پر سمجھ آ جائے۔

## ۳۔ ضرورت موضوع

اس سے مراد ہے کہ مقرر سامعین کے سامنے موضوع کی ضرورت و اہمیت بھی آگاہ کر دے کہ اس موضوع پر گفتگو کرنے کی ضرورت کیونکر پیش آئی۔

## ۴۔ اہمیت موضوع

مقرر نے تقریر کیلئے جس موضوع کا انتخاب کیا ہے اس کی اہمیت کیا ہے؟ موضوع کی اہمیت سے سامعین کو شناسا کرانا مقرر کیلئے ضروری ہے تاکہ وہ سامعین کی توجہ کا مرکز بن سکے۔

Marfat.com

## میانیہ

''میانیہ'' سے مراد تقریر کا درمیانہ حصہ ہے۔ یعنی تقریر کا وہ حصہ وہ ابتدائیہ ختم ہونے سے لے کر اختتامیہ سے پہلے ہو اسے ہم تقریر کا میانیہ یا تقریر میانیہ یا درمیانہ حصہ کہتے ہیں اس کے عناصر درج ذیل ہیں۔

### ا۔ تفصیل موضوع

موضوع پر تفصیل سے روشنی ڈالی جائے گی یعنی موضوع پر مختلف حوالوں اور پہلوؤں سے گفتگو کی جائے گی۔

### ۲۔ دلائل علی الموضوع

اس حصے میں موضوع کی مناسبت سے دلائل پیش کئے جائیں گے۔

## اختتامیہ

تقریر کے آخری حصے کو اختتامیہ کہتے ہیں۔ یہ وہ حصہ ہے جو ابتدائیہ اور میانیہ کے بعد ہوتا ہے اس کے عناصر درج ذیل ہیں۔

### ا۔ تکرار موضوع

تقریر کے آخر میں موضوع کو بار دگر دہرایا جائے گا تاکہ بعد میں آنے والے اور پہلے سے غافل سامعین موضوع سے آشنا ہو جائیں۔

### ۲۔ تلخیص موضوع

آخر میں مقرر کو چاہیئے کہ اپنے سامعین کے سامنے اگر وقت کی گنجائش ہو تو

Marfat.com

موضوع کا خلاصہ بیان کر دے تا کہ وہ موضوع سے اچھی طرح آشنائی حاصل کر سکیں۔

## ۳۔ درس موضوع

موضوع کا پیام کیا ہے اس سے سامعین کی واقفیت لازمی ہے۔ یعنی ہمیں موضوع سے کیا سبق حاصل ہوتا ہے۔

## اچھی تقریر کی خوبیاں

بعض چیزیں تقریر کے حسن کو چار چاند لگا دیتی ہیں انہیں ہم تقریر کی خوبیاں کہتے ہیں ان کا تذکرہ ذیل میں کیا جاتا ہے۔

## ا۔ اچھا مواد

مواد اگر اچھا ہو اور موضوع سے زیادہ مناسبت رکھتا ہو اور بہترین دلائل پر مشتمل ہو تو تقریر کے حسن میں اضافہ ہوتا ہے۔ تقریر کے ہر پہلو کے حقائق نچے تلے بغور مطالعہ کا نتیجہ اور کسی نظم وضبط کے تحت ہونے چاہیں۔

## ۲۔ تلفظ کی درستگی

تقریر میں تلفظ کی درستگی ضروری ہے ذی علم لوگوں میں بالخصوص تلفظ کی غلط ادائیگی تقریر کے حسن پر اثر انداز ہوتی ہے لہذا مقرر کے لئے ضروری ہے کہ وہ تلفظ کو درست ادا کرے۔

Marfat.com

## ۳۔ توقف

کلام میں وقف کا خاصا اثر ہوتا ہے یعنی مناسب جگہوں پر ٹھہراؤ مناسب معنی پیدا کرتا ہے اور نا مناسب جگہوں پر ٹھہراؤ غلط معنی پیدا کرتا ہے اس کی مثال یوں ہے کہ اگر کوئی آدمی درج ذیل جملے ''اٹھو مت بیٹھو'' میں اٹھو پر توقف کرے تو معنی ہوگا اٹھو اور اگر اٹھو مت پر وقفہ کرے تو معنی ہوگا بیٹھے رہو۔

## ۴۔ تسلسل

تقریر میں تسلسل یا ربط بھی ضروری ہے۔ بعض مقامات بالخصوص مترادف الفاظ کی یکے بعد دیگرے ادائیگی تقریر میں نکھار کا باعث بنتی ہے۔ تقریر میں اٹک اٹک کر بولنا معیوب ہوتا ہے۔

## ۵۔ حسن انداز

حسن انداز سے مراد یہ ہے کہ مقرر تقریر میں سامعین کے پیش نظر مناسب انداز کا اختیار کرے بہترین انداز تقریر کو خوشگوار بنا دیتا ہے

## ۶۔ جامعیت

بہترین تقریر وہ ہے جو مختصر مگر جامع ہو۔ تقریر کو زیادہ طول دینا صحیح نہیں ہے۔ سامعین کے وقت کو ملحوظ خاطر رکھا جائے تاکہ بوریت پیدا نہ ہو سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا فرمان ہے کہ کلام میں اختصار سے کام لو۔

Marfat.com

## ۷۔ اچھی مثالوں کا انتخاب

مثال سمجھانے کا بہترین ذریعہ ہے۔ مشکل بات کو سمجھانے کے لئے مثالوں کا سہارا لیا جا سکتا ہے۔ بہترین مثالوں سے سمجھانا بذات خود ایک فن ہے مثال تین طرح سے دی جا سکتی ہے۔ جس کا ذکر حسب ذیل ہے۔

### ۱۔ مثال قبل المقصود

یعنی مثال کو مقصود سے پہلے ذکر کرنا اور مقصود کو مثال کے بعد ذکر کرنا جیسے مثال کے طور پر اگر کوئی شخص آسمان سے گرے تو اس کا کچھ بچتا ہے؟ ظاہر ہے اس سوال کا جواب نہیں میں ہوگا تو پھر کہا جائے گا کہ ایسے ہی آدمی اللہ کے ساتھ کسی کو شریک کرے وہ برباد و تباہ ہوگا کسی صورت میں بچ نہیں سکتا۔

### ۲۔ مثال مع المقصود

اس سے مراد ہے کہ مثال کو مقصود کے ساتھ بیان کیا جائے جیسے مقرر سامعین سے کہے۔

گلاب کے پودے کے تنے سے سب سے پہلے پتے نکلتے ہیں اور پتے پھول کے آنے کی خبر دیتے ہیں ایسے ہی تمام انبیاء رسالت و نبوت کے پتے تھے اور وہ حضور ﷺ جیسے پھول کے آنے کی خبر دیتے رہے اور پھر پھول آتا سب سے آخر میں ہے مگر سب پتوں سے بلند ہوتا ہے ایسے ہی حضور ﷺ سب انبیاء کے آخر میں آئے لیکن سب سے بلند ہیں۔

Marfat.com

## ۷۔ مثال بعد المقصود

بعض اوقات مقصود کو پہلے بیان کر دیا جاتا ہے اور مثال بعد میں دی جاتی ہے اسے مثال بعد المقصود کہتے ہیں جیسے

حضور نبی کریم ﷺ کے توسل کے بغیر انسان اللہ رب العزت کی توحید کے سمندر سے سیراب نہیں ہو سکتا ہے اس کی مثال بلاتشبیہ ایسے ہے کہ جیسے سمندر سے بخارات اٹھتے ہیں اور وہ بادل بن کر ویران زمینوں پر برستے ہیں تو ان میں جان آ جاتی ہے۔ بادل سمندر نہیں مگر سمندر سے جدا بھی نہیں۔ حضور ﷺ خدا نہیں مگر خدا سے جدا بھی نہیں۔ جو خدا سے ملنا چاہتا ہے اسے حضور ﷺ کی دامن رحمت کو تھامنا ہوگا۔

## ۸۔ نکتہ بیانی

ایک اہم ترین اور قابل ستائش چیز جو تقریر میں جان ڈال دیتی ہے وہ نکتہ بیانی ہے۔ موجودہ دور میں نکتہ بیانی بہت زیادہ اہمیت کی حامل ہے نکتہ بیانی سے مقرر ایک جملے میں بہت بڑا مسئلہ حل کر دیتا ہے مثلاً ''الم'' قرآن پاک کے حروف مقطعات میں سے ہیں۔ ان کی بابت تمام مفسرین یہی کہتے ہیں کہ ان حروف کی حقیقت اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے سوا کوئی نہیں جانتا قابل توجہ بات یہ ہے کہ الم کی حقیقت اگر کوئی نہیں پا سکتا تو جس پر یہ حروف اترے اس کی حقیقت کون پا سکتا ہے؟

## ۹۔ حسن لفاظی

تقریر کے حسن میں نکھار پیدا کرنے کے لئے ایک اہم فن حسن لفاظی ہے۔ خوبصورت الفاظ اور ان کا برمحل استعمال تقریر کے حسن کو بڑھا دیتا ہے۔

Marfat.com

# ذکر الٰہی

Marfat.com

# ذکر الٰہی احادیث کی روشنی میں

☆

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب بھی اور جہاں بھی بیٹھ کر کچھ بندگان خدا اللہ کا ذکر کرتے ہیں تو لازمی طور فرشتے ہر طرف سے ان کے گرد جمع ہو جاتے ہیں اور ان کو گھیر لیتے ہیں اور رحمت الٰہی ان پر چھا جاتی ہے اور ان کو اپنے سایہ میں لے لیتی ہے اور ان پر سکینہ کی کیفیت نازل ہوتی ہے اور اللہ اپنے ملائکہ و مقربین میں ان (بندوں) کا ذکر فرماتا ہے۔

(صحیح مسلم)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ جس وقت بندہ میرا ذکر کرتا ہے اور میری یاد میں اس کے ہونٹ حرکت کرتے ہیں اس وقت میں اپنے اس بندے کے ساتھ ہوتا ہوں۔

(صحیح بخاری)

Marfat.com

☆

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ میرا معاملہ بندے کے ساتھ اس کے یقین کے مطابق ہے اور میں بالکل اس کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ مجھے یاد کرتا ہے اگر وہ مجھے اپنے جی میں اس طرح یاد کرے کہ کسی اور کو خبر بھی نہ ہو تو میں اس کو اسی طرح یاد کروں گا۔ اور اگر وہ دوسرے لوگوں کے سامنے یاد کرے تو میں ان سے بہتر بندوں (یعنی ملائکہ) کی جماعت میں اس کا ذکر کروں گا۔

(صحیح بخاری، صحیح مسلم)

☆

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر چیز کی صفائی کے لئے (کوئی نہ کوئی) صیقل ہوتا ہے اور دل کی صفائی کا صیقل اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے اور اللہ تعالیٰ کے عذاب سے بچانے اور نجات دلانے میں اللہ کا ذکر جس قدر مؤثر ہے اتنی کوئی دوسری چیز نہیں۔

(بیہقی)

Marfat.com

☆

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کے ذکر کے بغیر زیادہ کلام نہ کیا کرو کیونکہ اللہ کے ذکر کے بغیر زیادہ کلام کرنے سے دل میں سختی اور بے حسی پیدا ہوتی ہے۔اور لوگوں میں وہ آدمی اللہ سے دور ہے جس کے دل میں قساوت ہو۔

(جامع ترمذی)

Marfat.com

# قرآن اور ذکر الٰہی

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

**فاذکرونی اذکرکم واشکرولی ولاتکفرون**

"فاذکرونی" فرما کر رب کائنات نے اپنے بندوں کو آگاہ کیا کہ

اے میرے بندے!

| | |
|---|---|
| تو میرا ذکر کر | میں تیرا ذکر کروں |
| تو میری تعریف کر | میں تیری تعریف کروں |
| تو میری توصیف کر | میں تیری توصیف کروں |
| تو مجھ سے محبت کر | میں تجھ سے محبت کروں |
| تو مجھے یاد کر | میں تجھے یاد کروں |
| تو میرا نام لے | میں تیرا نام لوں |
| تو مجھے مولا کہہ | میں تجھے بندہ کہوں |
| تو مجھے اپنا کہہ | میں تجھے اپنا کہوں |

Marfat.com

اور اے میرے بندے!

تو میرا ہو جا　　　　میں تیرا ہو جاؤں

تو اللہ، اللہ کہہ کر میری الوہیت کے ڈنکے بجاتا رہے
میں بندہ بندہ کہہ کر تیری عبودیت کے ڈنکے بجاتا رہوں گا

Marfat.com

# محبت الٰہی

قرآن پاک میں ارشاد ربانی ہے:

والذین امنوا اشد حبًا لِلّٰہ — اور ایمان والے اللہ سے شدید محبت کرتے ہیں۔

یعنی

| | |
|---|---|
| اہل ایمان کی پہچان | اللہ کی محبت |
| اہل ایمان کی جان | اللہ کی محبت |
| اہل ایمان کے دل کا سرور | اللہ کی محبت |
| اہل ایمان کی آنکھوں کا نور | اللہ کی محبت |

اس آیت میں اللہ رب العزت بندہ مومن کو یہ پیام دے رہے ہیں کہ:

اے بندہ مومن!

| | |
|---|---|
| تو محبّ بن جا | مجھے محبوب بنا لے |
| تو طالب بن جا | مجھے مطلوب بنا لے |
| تو عاشق بن جا | مجھے معشوق بنا لے |
| تو عابد بن جا | مجھے معبود بنا لے |
| تو ساجد بن جا | مجھے مسجود بنا لے |

Marfat.com

تو حامد بن جا　　　مجھے محمود بنا لے

تو واصف بن جا　　　مجھے موصوف بنا لے

اور اے بندہ مومن!

تو دل کی چھوٹی سی نگری میں مجھے بسا کر تو دیکھ
میں تجھے جنت کے وسیع باغوں میں نہ بسا دوں تو پھر کہنا

Marfat.com

# اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے

اللہ نور السموٰت والارض        اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے

یہ آیت کریمہ ہمیں پیغام سنا رہی ہے کہ:

اے رب کائنات، کائنات کی ہر چیز تیرے وجود کی خبر دے رہی ہے اور تیری قدرت کا منہ بولتا ثبوت ہے ایمان والوں کو ہر چیز میں تیری ذات کا جلوہ نظر آتا ہے۔ یعنی

چمکتے ہوئے ستاروں میں تو
دمکتے ہوئے سیاروں میں تو
کہکشاؤں کی جھلملاہٹ میں تو
کوہساروں کی رفعت میں تو
بہاروں کی راحت میں تو
کلیوں کے تبسم میں تو
عنادل کے ترنم میں تو
سورج کی کرنوں میں تو

Marfat.com

چاند کی ضیاؤں میں تو
فلک کی نیلاہٹ میں تو
فضاؤں کی سرسراہٹ میں تو
چمنستانوں میں گلوں میں تو
پتوں میں کلیوں میں تو

بلکہ میں تو یوں کہوں گا:

جگ میں آ کر اِدھر، ادھر دیکھا
تو ہی آیا نظر جدھر دیکھا

Marfat.com

# اطمینان قلب کا سامان

حضرات گرامی قدر!

سکون اللہ پاک کی ایک عظیم نعمت ہے جو شخص سکون و راحت سے محروم کر دیا جائے اس کی زندگی یقیناً اجیرن بن کر رہ جاتی ہے۔ انسان ہمیشہ تسکین و راحت کی تلاش میں مارا مارا پھرتا ہے۔ آیئے دیکھتے ہیں کہ سکون و اطمینان کا بہترین و واحد ذریعہ کیا ہے۔

ارشاد ربانی ہے:

الابذکر اللّٰہ تطمئن القلوب

یہ آیت کریمہ ہمیں آگاہ کر رہی ہے کہ اے لوگو! یاد رکھو،

دلوں کی راحت

نہ صبح کے بسیرے میں ہے
نہ شام کے اندھیرے میں ہے
نہ بہاروں کے زمانوں میں ہے
نہ آرام دہ ٹھکانوں میں ہے
نہ خلوت میں، نہ تنہائیوں میں ہے
نہ جلوت میں، نہ رعنائیوں میں ہے

Marfat.com

نہ مال میں، نہ دولت میں ہے
نہ منصب میں نہ حکومت میں ہے
نہ خوبصورت عمارتوں میں ہے
نہ نرم و نازک بستروں میں ہے
نہ گل میں، نہ کلی میں، نہ عطر میں ہے
دلوں کی راحت، فقط خدا کے ذکر میں ہے

Marfat.com

# مومن کی بہار

سرورکائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

الثناء ربیع المومن      اللہ کی ثناء مومن کی بہار ہے

یعنی

بلبل کو ترنم بہار سے ملتا ہے
کلیوں کو تبسم بہار سے ملتا ہے
پتوں کو سبزہ بہار سے ملتا ہے
پھولوں کو چہرہ بہار سے ملتا ہے
پودوں کو زندگی بہار سے ملتی ہے
درختوں کو تازگی بہار سے ملتی ہے
پتوں کو شاخیں بہار سے ملتی ہیں
شاخوں کو کونپلیں بہار سے ملتی ہیں
تنوں کو رنگ بہار سے ملتے ہیں
شاخوں کے سنگ بہار سے ملتے ہیں
آرام کے پہرے بہار سے ملتے ہیں
ٹھنڈے سویرے بہار سے ملتے ہیں

Marfat.com

ہر چیز جس طرح

کھلکھلا اٹھتی ہے آمد بہار سے

مومن کا دل جگمگا اٹھتا ہے ذکر پروردگار سے

## دلوں کو دیتا ہے تسلی خدا کا نام

دلوں کو دیتا ہے تسلی خدا کا نام
اندھیروں میں مانند تجلی خدا کا نام
ہیں اسی کے چرچے اسی کی باتیں
نگر نگر ہے گلی گلی خدا کا نام
اسی کے ورد سے مہکتے ہیں پھول
اور لے کے کھلتی ہے کلی خدا کا نام
حرف حرف قندیل کی طرح ہے روشن
رکھتا ہے حروف جلی خدا کا نام
تقویٰ کی خیرات ٹھہرا ہے اس کا ذکر
بندے کو بنا دیتا ہے ولی خدا کا نام
ہارونؔ اپنی تو دعا ہے یہی کہ ہم سے
چھوٹنے پائے نہ کبھی خدا کا نام

Marfat.com

# محافل قرأت

Marfat.com

# قرآن کریم احادیث کی روشنی میں

حضرت ابوسعد خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے کہ جس شخص کو قرآن نے مشغول رکھا میرے ذکر سے اور مجھ سے دعا کرنے سے میں اس کو اس سے افضل عطا کروں گا جو سائلوں اور دعا کرنے والے کو عطا کرتا ہوں اور (فرمایا کہ) دوسرے کلاموں کے مقابلے میں اللہ کے کلام کو ویسی ہی عظمت وفضیلت حاصل ہے جیسی اپنی مخلوق کے مقابلے میں اللہ تعالیٰ کو۔

(جامع ترمذی، سنن دارمی)

☆

حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے بہتر اور افضل بندہ وہ ہے جو قرآن کا علم حاصل کرے اور دوسروں کو اس کی تعلیم دے۔

(صحیح بخاری)

☆

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بیشک وہ شخص جس کے پاس قرآن کا کچھ حصہ نہیں ہے ویران گھر کی طرح ہے۔

(جامع ترمذی)

Marfat.com

# اسم جلالت

فرحت کا ہے سامان اسم جلالت
پڑھتے ہیں مسلمان اسم جلالت
برگ و ثمر ہو یا شجر و حجر ہو
ہر چیز میں ہے پنہاں اسم جلالت
خوف و رجاء کے مراحل میں ہوتا ہے یہ دل
جب پڑھتی ہے زباں اسم جلالت
شناسا اس کی رفعت کی نہیں عقل
برتر از وہم و گماں اسم جلالت
ملتا ہے سینے کو عجب کیف و سرور
ہو اگر ورد زباں اسم جلالت
جو اسم جلالت کا ہے منبع اعظم
آؤ اس قرآن کی کرتے ہیں تلاوت

Marfat.com

# قرآن پڑھ کے دیکھو!

دل کو ملتا ہے کیا سرور قرآن پڑھ کے دیکھو
شیطان ہوتا ہے کیسے دور قرآن پڑھ کے دیکھو
اپنے گھر میں اندھیروں کی شکایت کرنے والو
ہوتا ہے کیسے نور، قرآن پڑھ کے دیکھو
ایک علاج ہے، مصیبت میں آنے والو
ہو گی ہر مشکل عبور قرآن پڑھ کے دیکھو
اے کاشانہ آفاق میں بے چین بسنے والو
لذت ملے گی ضرور قرآن پڑھ کے دیکھو
من کے اندھیروں کو دور کرے گی یہ روشن کتاب
دل بنا دے گی یہ طور قرآن پڑھ کے دیکھو
اگر ان کو منا لینے کی آرزو ہے ہارونؔ
راضی ہو جائیں گے حضور قرآن پڑھ کے دیکھو

Marfat.com

# دو قرآن

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کسی نے سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اخلاق کی بابت پوچھا تو آپ نے جواباً فرمایا:

"کان خلقه القرآن"

"اے حضور کے اخلاق کے بارے میں پوچھنے والے کیا تو نے قرآن نہیں پڑھا، قرآن ہی تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اخلاق ہے۔ یعنی قرآن کی تعلیمات کی عملی تفسیر، پیکر مصطفیٰ ہے یعنی:

ہے یہ بھی قرآن ہے وہ بھی قرآن
یہ کتابوں کا سردار وہ رسولوں کا سردار
یہ منزل من اللہ وہ مرسل من اللہ
اس میں خدا کا کمال اس میں خدا کا جمال
یہ سینوں میں اترنے والا وہ روحوں میں اترنے والا
یہ مسلمانوں کے لئے رحمت وہ تمام جہانوں کے لئے رحمت
یہ بھی لاریب وہ بھی لاریب
یہ بھی نرالا وہ بھی نرالا

Marfat.com

یہ بھی اعلیٰ وہ بھی اعلیٰ

یہ بھی خدا کا وہ بھی خدا کا

یہ بھی حق وہ بھی حق

مگر فرق یہ ہے:

یہ خاموش قرآن

وہ بولتا ہوا قرآن

یہ قرآن سکوت والا

وہ قرآن حرکت والا

یہ قرآن اجمال

وہ قرآن تفسیر

یہ قرآن قندیل

یہ قرآن تنویر

یہ قرآن لفظ

وہ قرآن معنی

یہ قرآن فکر

وہ قرآن ذکر

Marfat.com

یہ قرآن . متن

وہ قرآن تشریح

اس قرآن کی ایک سو چودہ سورتیں ہیں

اس قرآن کی ایک صورت ہے

یہ قرآن کالی سطروں والا

وہ قرآن کالی زلفوں والا

اس قرآن کا پڑھنے والا قاری

اس قرآن کا پڑھنے والا صحابی

ارے

یہ قرآن خدا کی کتاب ہے

وہ قرآن رسالت مآب ہے

Marfat.com

# قرآن کا اعجاز

قرآن کریم وہ واحد کتاب ہے جس کی حفاظت کا ذمہ رب کائنات نے خود لیا ہے۔ چنانچہ ارشاد فرمایا:

ان نحن نزلنا الذکر وانا له لحفظون. بے شک ہم نے قرآن نازل کیا اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ آسمانی کتابوں میں سے قرآن ہی وہ واحد کتاب ہے جو چودہ سو سال گزر جانے کے بعد بھی ویسی کی ویسی ہے اور کوئی اس کا ایک حرف بھی نہیں بدل سکا۔

ایک وقت وہ بھی آیا جب ایک عیار پادری نے نہایت عیاری سے کام لیتے ہوئے انجیل کا فائر پروف (Fire proof) کر کے اہل اسلام کو چیلنج کر دیا کہ آؤ مسلمانوں:

| | |
|---|---|
| انجیل ہماری کتاب ہے | قرآن تمہاری کتاب ہے |
| یہ ہماری لئے مقدس | وہ تمہارے لئے مقدس |
| یہ ہماری آنکھوں کی ٹھنڈک | وہ تمہاری آنکھوں کی ٹھنڈک |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| یہ ہمارے دلوں کا سرور | وہ تمہارے دلوں کا سرور |
| یہ ہمیں عزیز | وہ تمہیں عزیز |
| اس سے ہماری آن | اس سے تمہاری آن |
| یہ ہماری پہچان | وہ تمہاری پہچان |
| یہ ہمارے مذہب کی جان | وہ تمہارے مذہب کی جان |
| یہ ہمارا ایمان | وہ تمہارا ایمان |
| یہ ہماری علامت | وہ تمہاری علامت |
| ہم اس پر قربان | تم اس پر قربان |
| ہم اس کے پاسبان | تم اس کے پاسبان |

آؤ دیکھتے ہیں

یہ سچی ہے یا وہ سچی ہے

یہ حق ہے یا وہ حق ہے

یہ صحیح ہے یا وہ صحیح ہے

| | |
|---|---|
| تم قرآن کو آگ میں پھینکو | میں انجیل کو آگ میں پھینکتا ہوں |
| جو جل گئی وہ جھوٹی | جو بچ گئی وہ سچی |

Marfat.com

یہ چیلنج سننا تھا، کہ عام مسلمان مضطرب ہو گئے مگر اہل معرفت میں سے حضرت شاہ ولی اللہ رحمتہ اللہ علیہ نے چیلنج قبول کر لیا اور آپ نے فرمایا! ''اے پادری'' کتابوں کو آگ میں پھینکنے سے فیصلہ نہیں ہوگا۔ تم انجیل گلے میں ڈالو، میں قرآن اپنے گلے میں ڈال لیتا ہوں اور ہم دونوں آگ سے گزرتے ہیں جو بچ گیا وہ سچا، اس کی کتاب بھی سچی اور جو جل گیا وہ جھوٹا اور اس کی کتاب بھی جھوٹی۔

آپ کا یہ چیلنج سنتے ہی پادری کے ہوش اڑ گئے اور بھاگ کھڑا ہوا اور آپ قرآن گلے میں ڈالے آگ سے بحفاظت گزر گئے۔

Marfat.com

# قرآن کی تلاوت

دل کا سرور ہے قرآن کی تلاوت
مصطفیٰ ﷺ کا دستور ہے قرآن کی تلاوت

دیوار و در جگمگاتے ہیں اس سے
اندھیروں میں نور ہے قرآن کی تلاوت

تخیل کا تقویٰ و طہارت ہے یہ
اور ارتقائے شعور ہے قرآن کی تلاوت

فضل و کرم ہے خدا کا اور
رحمت و فور ہے قرآن کی تلاوت

ہاروؔن قصائد عالم سے کچھ رشتہ نہیں
مجھے منظور ہے قرآن کی تلاوت

Marfat.com

# محافل نعت

Marfat.com

# نعت

نعت ہے.........

عرب کے والی مدینے کے تاجدار کا تذکرہ
خاتم المرسلین، انبیاء کے سردار کا تذکرہ

ہمہ وقت عاشقوں کے دلوں میں رہنے والے
من ٹھار کی باتیں، دالدار کا تذکرہ

خزاں کا ستم جس نے توڑ دیا تھا
اس مدینے کی دل افروز بہار کا تذکرہ

عاشقوں، دیوانوں، پروانوں کا
ہمیشہ رہی یہی کئی ہزار کا تذکرہ

تن اطہر پہ سجی زلفوں کی باتیں
رخ روشن پہ سجے انوار کا تذکرہ

نہ کوئی روک سکتا ہے نہ کوئی روک سکے گا
ہم کرتے رہیں گے ہمیشہ سرکار کا تذکرہ

Marfat.com

# نعت کیا ہے؟

نعت کیا ہے، قصرِ حسن و عشق کی تکمیل ہے
نعت کیا ہے، حکم ربی کی فقط تعمیل ہے

نعت کیا ہے، عشق کے ساگر میں غرقابی کا نام
نعت کیا ہے، میرے ہر جذبے کی سیرابی کا نام

نعت ابوابِ محبت کا جلی عنوان ہے
ہم غلامانِ پیمبر کی یہی پہچان ہے

دل کے بنجر کھیت میں، کرنیں اگا دیتی ہے نعت
نقشِ باطل کے جبینوں سے مٹا دیتی ہے نعت

نعت کیا ہے، دست بستہ ان کی دربانی کا نام
نعت کیا ہے، روضہ اقدس پہ حیرانی کا نام

نعت کیا ہے، نکہتوں کی سرزمین کا تذکرہ
نعت کیا ہے، سب حسینوں سے حسین کا تذکرہ

نعت کیا ہے، ہجر میں سانسوں کی بے تابی کا نام
نعت کیا ہے، گنبدِ خضریٰ کی شادابی کا نام

Marfat.com

نعت کیا ہے، شہر جاں میں گرمیٔ صل علیٰ
نعت کیا ہے، دل کے آئینے میں عکس مصطفیٰ ﷺ

نعت کہنے کے لئے دل پاک ہونا چاہیے
غرق الفت دیدہ نمناک ہونا چاہیے

Marfat.com

# نعت کیسے کہی جائے؟

سرورِ کائنات ﷺ کی نعت کہنا گویا عشق و محبت کے راستوں پر چلنا ہے۔آقا کی نعت کس طرح اور کس انداز میں کہی جائے وہ آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں:

عشق کی روشن تلوار بنا کر
آنکھ کو طالب دیدار بنا کر
ہر آنسو کو پیار بنا کر
ہر تبسم کو نکھار بنا کر
من کو سراسر ہشیار بنا کر
غفلت سے بیدار بنا کر
تخیل میں نقش یار بنا کر
وہ ابرو، وہ رخسار بنا کر
عجز کو خواہش کا اظہار بنا کر
سکوت کو اپنی گفتار بنا کر

Marfat.com

گدا عقل کو کر کے
عشق کو سردار بنا کر
چمبیلی کی حسین خوشبو
شوخ حنا کی تار بنا کر
سوز کی حالت لمبی
طویل اشکوں کی قطار بنا کر
حرم میں ابراہیم کی مانند
کعبے کی مکمل دیوار بنا کر
خود کو ذوق طلب میں
بوصیریؔ کی طرح بیمار بنا کر
بلال جیسے حروف نثر
حسان جیسے اشعار بنا کر
لاکھوں مجنوں کا کیف چڑھا کر
اور لیلیٰ ہزار بنا کر
فراق سے ٹوٹے دل کو
بار بار بنا کر

Marfat.com

فرقت میں جنوں کا
جامی سا کردار بنا کر
آ کر عشق کی ضد میں
ذوق تمنا کو اصرار بنا کر
سلام کے تحفے، پیار کے نغمے
درود کے گجرے ہار بنا کر
ہارون نعت کہتا ہوں مگر ہاں
عشق و محبت کی گلزار بنا کر

Marfat.com

# نعت کہنے کا ادب

زم زم کا وضو کر کے
اشک سے آنکھیں بھر کے
بحر محبت میں اتر کے
کلی کی طرح نکھر کے
عشق شاہ زماں میں
میں حد سے گزر کے
مکمل توصیف میں ان کی
نظم و نثر کر کے
ان کی شدت چاہ کا
دل پے اثر کر کے
حیات نکل کر جہاں سے
مدینے میں بسر کر کے
ارض و سما کی خلقت
آقا کی نذر کر کے

Marfat.com

آ کر عجز کی حالت میں
بے ہنر اپنے ہنر کر کے
پہن کے فقر کا خلعت
شاہی کو ستر کر کے
جدھر سرکار کا روضہ
رخ اپنا ادھر کر کے
نعمت کبریٰ پے خدا کا
صدہا شکر کر کے
بن کر سالک الفت
عشاق کے عالم کا سفر کر کے
تصور میں، میں واللیل
زلفوں پے نظر کر کے
فرقت کے میں عالم میں
رومی کا حشر کر کے
پڑھتا ہوں نعت محمد ﷺ کی
خوب اللہ کا ذکر کر کے

Marfat.com

# دل مومن کی تنویر

دل مومن کی ہے تنویر آقا کی محبت
شب تار میں ضو کی ہے تصویر آقا کی محبت

قرآن ایک کتاب ہے جس کے متن کی
تشریح و وضاحت و تفسیر آقا کی محبت

اک اعلان بپا ہے بوصیرؔی کی زبان سے
ہر لمحہ مصیبت میں ہے اکسیر آقا کی محبت

ایمان عشق و محبت کی ایک عمارت ہے
کرتی ہے جسے تعمیر آقا کی محبت

الفت و وجاہت و شاہت و ایمان
ہے مقدر و قسمت و تقدیر آقا کی محبت

ہارون عالم آفاق سے مجھ کو نہیں غرض
ہے اپنی دولت و جاگیر آقا کی محبت

Marfat.com

# نور محمد ﷺ

اپنے کرم سے خالق نے
اس ارض و سما کے مالک نے
جسے قریہ قریہ پھیلایا
وہ نور محمد ﷺ کہلایا

انجم جس سے چمکے ہیں
ستارے جس سے دمکے ہیں
شمس، قمر ہیں جس کا سایہ
وہ نور محمد ﷺ کہلایا

گلشن گلشن مہکے گا
یہ قریہ قریہ پھیلے گا
جو پربت پربت ہے چھایا
وہ نور محمد ﷺ کہلایا

جب ہونٹ تبسم کرتے ہیں
شمشیر کی مانند لگتے ہیں

Marfat.com

ماتھا جس کا گلہایا
وہ نور محمد ﷺ کہلایا
جس نے تاب نرالی سے
اپنے رتبے عالی سے
شمس، قمر کو شرمایا
وہ نور محمد ﷺ کہلایا
ظلم کا بندھن جس نے توڑا
حق کا دامن جس نے جوڑا
باطل جس سے گھبرایا
وہ نور محمد ﷺ کہلایا
اب کام محبت کر دے گی
سب جام محبت بھر دے گی
الفت کا جو سرمایہ
وہ نور محمد ﷺ کہلایا
مقدر سے اور قسمت سے
جس نور کے نوری جھرمٹ سے

Marfat.com

آنکھ نے برتن بھر پایا
وہ نور محمد ﷺ کہلایا

رخسار منور تارے ہیں
وہ ابرو بہت پیارے ہیں
چہرا جس کا نکھرایا
وہ نور محمد ﷺ کہلایا

حسن کو اور قادر کو
پھر اپنے پیارے طاہر کو
عاشق جس نے ٹھہرایا
وہ نور محمد ﷺ کہلایا

ہارون پیار کا سرمایہ
من میں اپنے جو آیا
عشق سے جس نے گرمایا
وہ نور محمد ﷺ کہلایا

Marfat.com

# رخِ رسالت مآب ﷺ

تیرے رخ وچ اکھ ایویں لگدی اے
جیویں انگوٹھی وچ ہیرے جڑے ہوئے نے

تیری ذات دے پچھے کھڑے ہو کے
نماز پے پڑھدے جیہڑے لکھاں سورج چڑھے ہوئے نے

سوہنڑیاں تیرے مکھڑے دی اسیں کی گل کریئے
تیری زلف دی انی طاقت لکھاں قیدی پھڑے ہوئے نے

آداب تیری محفل دے رب آپ سکھاندا اے
انج بیٹھدے شاناں والے جیویں مرے ہوئے نے

ہارونؔ ہر ویلے جیہڑے یار دی گل کر دے نے
قسم خدا دی دل کہندا اے لوک اوہی ترے ہوئے نے

Marfat.com

# دل مومن کی ضیاء

ہے دل مومن کی ضیاء مصطفیٰ ﷺ کا نام
خدا سے کرتا ہے آشنا مصطفیٰ ﷺ کا نام

ہے آنکھوں کی ٹھنڈک، دل کا یہ چین
گلزار جنت کی ہے ہوا مصطفیٰ ﷺ کا نام

تمثیل میں بن گیا وہ حبیب کا مدینہ
جس من میں سما گیا مصطفیٰ ﷺ کا نام

ادویہ کو چھوڑ کر طبیب میری خیر کر
سرہانے آ کے لے ذرا مصطفیٰ ﷺ کا نام

بد عقیدہ اٹھ کے خود بھاگ جائے گا
سبھی مل کے لو ذرا مصطفیٰ ﷺ کا نام

کسی پر تو شاق گزرتا ہے یا رسول اللہ ﷺ
سنّی جھوم کر ہے لیتا مصطفیٰ ﷺ کا نام

جعلتک ذکری فرما کر خدا نے سمجھا دیا
خدا کے نام سے ہرگز نہیں جدا مصطفیٰ ﷺ کا نام

ہاروؔن لے لے کے میں تھکتا نہیں کبھی
واہ کس قدر ہے اچھا مصطفیٰ ﷺ کا نام

Marfat.com

# رخ سرکار دو عالم ﷺ کا ضیاء

رخ سرکار دو عالم کی ضیاء اللہ اللہ
تن اطہر پہ سجی زلفیں سیاہ اللہ اللہ
نورانی بچے کو لئے گود میں کہتی تھی حلیمہؓ
اتنا حسیں پہلے نہیں دیکھا اللہ اللہ
جہاں سرکار دو عالم نے لمحات گزارے تھے اکیلے
وہ منزل اقدس، غار حرا اللہ اللہ
یہ سرکار کی عظمت ہے کہ دست مبارک میں
پتھر دیتے ہیں صدا اللہ اللہ
پنہاں سرکار کی انگلی میں تسخیر ہے کتنی
اشارے سے قمر ہوتا ہے فدا اللہ اللہ
سرکار کی خدمت میں لگے حیدرؓ کی نماز
قضا بھی ہو گئی تھی ادا اللہ اللہ
دو عالم کے وہ مالک ہو کر نان جویں پے
کر لیتے تھے گزارا اللہ اللہ
جب کبھی کرتا ہوں ذکر شان محمد ﷺ
ہارون دل دیتا ہے صدا اللہ اللہ

Marfat.com

# دیدار رسول اللہ ﷺ

جنت چھوڑ کے حوراں تیری دید نوں آیاں کھڑیاں
ویکھن نوں نے آیاں زلفاں دیاں سوہنڑیاں لڑیاں

مکھ اک وار دکھا دے دلدار مدینے دیا سوہنڑیاں
اساں وی تیرے ویکھن لئی لایاں نے امیداں بڑیاں

ہاروؔن سرکار دا ناں لے کے جد محفل دے وچ بہیئے
قسم خدادی مل جاندیاں نے اساں نوں نصیباں دیاں گھڑیاں

☆

Marfat.com

# زینت ایمان

حضرات گرامی قدر!

اللہ رب العزت نے ہر چیز کے لئے سامان زینت بنایا ہے اور ہر چیز کو کسی نہ کسی چیز سے زینت بخشی ہے۔

اس رب کائنات نے......

آفاق کو آسمانوں سے سجایا
آسمان کو تاروں سے سجایا
ستاروں کو سفیدی سے سجایا
سفیدی کو روشنی سے سجایا
روشنی کو کرنوں سے سجایا
کرنوں کو چمک سے سجایا
چمک کو کشش سے سجایا

ایسے ہی......

انسان کو صورت سے سجایا
صورت کو حسن سے سجایا

Marfat.com

حسن صورت کو حسن سیرت سے سجایا

حسن سیرت کو عمل سے سجایا

حسن عمل کو اخلاق سے سجایا

اخلاق کو ایمان سے سجایا

ایمان کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت سے سجایا

Marfat.com

# سکن لھم کا سرور

حضرات گرامی قدر!

میں اس سیدوالاصفات کا نام لے رہا ہوں:

جس نے سبحن الذی اسریٰ کا تاج شب معراج سر پہ سجایا تھا

جس نے فاوحی الیٰ عبدہ مااوحی کا لباس زیب تن کیا تھا

جو سَرُیُھِمْ کی روشنی میں اپنی نگاہ بصیرت سے دیکھتا تھا

جس نے لیلاً کے اندھیروں میں رخت سفر باندھا تھا

جس نے ورفعنالک ذکرک کی مالا پہنی تھی

جس کو واللہ یعصمک من الناس کی ضمانت ملی تھی

جس کے چہرے پر والضحیٰ کی روشنی کے دھارے تھے

جس کی آنکھوں میں فانک باعیننا کی بصارت کی روشنی تھی

جس کی زبان پر بان لھم الجنّہ کی بشارت تھی

وہ جس کے دل میں نزلہ علی قلبک کا نور تھا

وہ جس کی دعاؤں میں سکن لھم کا سرور تھا

Marfat.com

# قرآن اور قسمیں

آپ جانتے ہیں کہ رب کائنات نے قرآن پاک میں مختلف حوالوں سے سرور کائنات ﷺ کا ذکر فرمایا ہے۔

وہ رب کائنات:

کہیں آپ کے جمال کی باتیں کرتا ہے
کہیں آپ کے افعال کی باتیں کرتا ہے
کہیں آپ کے اقوال کی باتیں کرتا ہے
کہیں آپ کے احوال کی باتیں کرتا ہے
کہیں آپ کے اخلاق کی باتیں کرتا ہے
کہیں آپ کے وجود پاک کی باتیں کرتا ہے

اور......

کہیں آپ کے جلووں کی باتیں کرتا ہے
تو کہیں آپ کے ولولوں کی باتیں کرتا ہے

کہیں وہ باری تعالیٰ آپ سے منسوب چیزوں کی قسمیں اٹھاتا ہے

آیئے ان قسموں کا تذکرہ کرتے ہیں۔

Marfat.com

والنہار اذا تجلّٰی تیرے روزوں کی قسم
والیل اذا یغشٰی تیری راتوں کی قسم

لا اقسم بھذا البلد ہے تیری محبت
وگرنا کھاتا نہیں شہروں کی قسم

احسن تقویم ہے تیرے حسن کی تفسیر
کیا ضرورت کھاؤں میں حسینوں کی قسم

ضحیٰ کی صورت میں ضحیٰ کا ہے مقصود
تیرے چہرے پے سجے نوروں کی قسم

والیل کے الفاظ بتلاتے ہیں یہ راز
تیرے کندھوں پے سجی زلفوں کی قسم

والعصر کا مقصد تیرے دور کی چاہت
کیوں رب ہو کے کھاتا میں زمانوں کی قسم

والنجم ہے پیارے تیرے نور کا مصداق
ہرگز نہیں کھاتا میں ستاروں کی قسم

جمال میں بے مثل ہیں سرکار مدینہ
ہاروںؔ مجھ کو خدا کی قسموں کی قسم

Marfat.com

# نعت کہنا سنت خدا ہے

حضرات گرامی قدر!

نعت فقط ہم لوگ نہیں کہتے بلکہ خود رب کائنات قرآن کریم میں حضور ﷺ کی نعتیں کہتا ہے۔ چنانچہ

کہیں وہ ارشاد فرماتا ہے

وما ارسلنک الا رحمة للعالمین

کہیں ارشاد فرماتا ہے

و علمک مالم تکن تعلم

کہیں ارشاد فرماتا ہے

لقد کان لکم فی رسول اللّٰہ اسوۃ حسنة

کہیں ارشاد فرماتا ہے

والضحی والیل اذا سجی ما ودعک ربک و ماقلی

کہیں ارشاد فرماتا ہے

والنجم اذاھوی ماضل صاحبکم و ماغوی

کہیں ارشاد فرماتا ہے

وما ینطق عن الھوی ان ھوا لا وحی یوحی

Marfat.com

کہیں ارشاد فرماتا ہے

طٰہٰ

کہیں کہتا ہے

یٰسین

کہیں کہتا ہے

یا ایھا المزمل

تو قرآن میں:

کہیں حضور ﷺ کی رسالت کے تذکرے

کہیں حضور ﷺ کی نبوت کے تذکرے

کہیں مصطفیٰ ﷺ کی عظمت کے تذکرے

کہیں حضور ﷺ کی رفعت کے تذکرے

کہیں حضور ﷺ کی جلوتوں کی بات

کہیں حضور ﷺ کی خلوتوں کی بات

کہیں حضور ﷺ کے یاروں کا تذکرہ

کہیں حضور ﷺ کے غاروں کا تذکرہ

کہیں آپ کے جمال کی باتیں

کہیں آپ کے کمال کی باتیں

Marfat.com

کہیں آپ کے افعال کی باتیں

کہیں آپ کے احوال کی باتیں

وہ رب کائنات قرآن میں جا بجا حضور ﷺ کے تذکرے کرتا ہے

اور کائنات والوں کو پیام سناتا ہے کہ اے کائنات والو تم بھی اس کی محبت

کے ترانے الاپو جس کی محبت کے ترانے میں الاپتا ہوں۔

کہیں وہ فرماتا ہے:

قدنریٰ تقلب و جھک فی السماء

اے حبیب ﷺ حالت نماز میں ہم تیرے چہرے کا بار بار اٹھانا

دیکھتے ہیں۔

فانک باعیننا

تو ہر حال میں ہماری نظر میں رہتا ہے

تو حالت رکوع میں ہو ہم دیکھتے رہتے ہیں

تو سجدہ کناں ہو پھر بھی ہماری نظر میں رہتا ہے

تو دست بدعا ہو پھر بھی ہم تجھے دیکھتے رہتے ہیں

تو ہماری خاطر پتھر کھاتا ہے تیرے جسم سے لہو گرتا ہوا بھی ہم دیکھتے ہیں

Marfat.com

پیارے محبوب محبتوں کا تقاضا یہ ہے کہ

تو ہمیں چاہتا رہے

ہم تجھے چاہتے رہیں

تو ہم سے پیار کرتا رہے

ہم تجھ سے پیار کرتے رہیں

تو ہماری تعریف کر

ہم تیری تعریف کریں

تو ہم سے مانگ

ہم تجھے عطا کریں

تو ہماری حمد بیان کر

ہم تیری نعتیں بیان کریں

اور اے پیارے!

تو لا الہ الا اللہ کہہ کر ہماری خدائی کے ڈنکے بجاتا رہے

ہم محمد رسول ﷺ کہہ کر تیری مصطفائی کے ڈنکے بجاتے رہیں گے

Marfat.com

# قرآن اور ذکر رسول ﷺ

قرآن پاک آقا نامدار ﷺ کے اوصاف طیبہ کا ذاکر ہے۔ وہ مختلف مقامات پر آپ ﷺ کے مختلف اوصاف حمیدہ کا ذکر کرتا ہے۔

جیسے:

حضور ﷺ کے رخ روشن کا ذکر

**والضحٰی**

حضور ﷺ کی زلف عنبریں کا ذکر

**واللیل اذا سجٰی**

حضور ﷺ سے رب کی پختہ الفت کا ذکر

**ما ودعک ربک و ماقلٰی**

حضور ﷺ کی رضا کا ذکر

**ولسوف یعطیک ربک فترضٰی**

حضور ﷺ پر فضل الٰہی کا ذکر

**وکان فضل اللہ علیک عظیماً**

حضور ﷺ کی رحمت کا ذکر

**وما ارسلنک الا رحمۃ للعالمین**

Marfat.com

حضور ﷺ کی رسالت کا ذکر

یٰسین، والقرآن الحکیم وانک لمن المرسلین

حضور ﷺ کی سیرت کا ذکر

لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ

حضور ﷺ کے علم مبارک کا ذکر

علمک مالم تکن تعلم

حضور ﷺ کے تن اطہر کا ذکر

والنجم اذا ھویٰ

حضور ﷺ کے گفتار مبارک کا ذکر

وما ینطق عن الھویٰ ان ھو الا وحی یوحیٰ

حضور ﷺ کے نام نامی کا ذکر

محمد رسول اللہ ﷺ

حضور ﷺ کے یاروں کا ذکر

والذین معہ

حضرات گرامی قدر پھر کیوں نہ کہیں

مزمل، مدثر، یٰسینؔ، طٰہٰ

سہرے ہیں تیرے سرورِ انبیاء

Marfat.com

# ورفعنالک ذکرک

سامعین محترم!

ایمان کی بنیاد ''کلمہ'' پرغور کیجئے

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ (ﷺ)

اگر کوئی شخص فقط لا الہ الا اللہ کہتا رہے

تو کیا ایمان مکمل ہوگا؟

ہرگز نہیں، ہرگز نہیں

معلوم ہوا جس طرح کلمے کے بغیر ایمان نامکمل

اسی طرح محمد رسول اللہ ﷺ کے بغیر کلمہ نامکمل

اذان پر غور کیجئے

اگر کسی نے کہا

اللہ اکبر، اللہ اکبر

اللہ اکبر، اللہ اکبر

کیا اذان ہوگئی؟

ہرگز نہیں، ہرگز نہیں

کہا......

Marfat.com

اشهدان لا الہ الا اللہ

تو کیا اذان مکمل ہوگئی

ہرگز نہیں، ہرگز نہیں

کہا......

حی علی الصلوٰۃ

حی علی الصلوٰۃ

حی علی الفلاح

حی علی الفلاح

کیا اب اذان مکمل ہوگئی؟

ہرگز نہیں، ہرگز نہیں

اذان مکمل نہیں ہوئی

آخر کیوں نہیں؟

اس لئے نہیں ہوئی

کہ ابھی محمد رسول اللہ ﷺ کا نام نہیں آیا

تو معلوم ہوا

اذان ذکر مصطفیٰ ﷺ کے بغیر نامکمل

تکبیر کے لفظوں پر غور کیجئے

Marfat.com

اگر مکبر نے کہا

اللّٰہ اکبر ، اللّٰہ اکبر

اللّٰہ اکبر ، اللّٰہ اکبر

اشھد ان لا الٰہ الا اللّٰہ

اشھد ان لا الٰہ الا اللّٰہ

حی علی الصلٰوۃ

حی علی الصلٰوۃ

کیا......

تکبیر مکمل ہوگئی؟

نہیں، نہیں، نہیں

آخر کیوں نہیں؟

اس لئے کہ

ابھی حضور ﷺ کا ذکر نہیں آیا

معلوم ہوا

ذکر مصطفٰی ﷺ کے بغیر تکبیر نامکمل

نماز کی طرف آئیے

نمازی مصلے پر کھڑا ہو گیا

Marfat.com

ثناء بھی پڑھ لی

تعوذ وتسمیہ بھی پڑھ لئے

سورۃ فاتحہ بھی پڑھ لی

سورۃ اخلاص بھی پڑھ لی

رکوع بھی کرلیا

سجدہ بھی کرلیا

مگر......

تشھد کو ترک کردیا

کیا نماز ہوگئی؟

نہیں، نہیں ابھی نہیں

آخر کیوں نہیں؟

اس لئے کہ

ابھی مصطفیٰ ﷺ پر سلام نہیں پڑھا

معلوم ہوا خدا کی عبادت ذکر مصطفیٰ ﷺ کے بغیر نامکمل

یہ حقیقت واضح ہوگئی

کہ......

جہاں جہاں خدا کا ذکر

Marfat.com

وہاں وہاں مصطفیٰ ﷺ کا ذکر

خود رب کائنات نے حدیث قدسی میں فرمادیا

اذا ذکرت، ذکرت معی

اے محبوب!

جہاں میرا ذکر ہوگا

وہاں تیرا ذکر ہوگا

کلمے میں پہلے میرا ذکر

پھر تیرا ذکر

نماز پنجگانہ میں پہلے میرا ذکر

پھر تیرا ذکر

نماز جنازہ میں پہلے میرا ذکر پھر تیرا ذکر

قبر میں پہلے میرا ذکر پھر تیرا ذکر

حشر میں پہلے میرا ذکر پھر تیرا ذکر

اے میرے حبیب ﷺ!

جہاں جہاں، میری خدائی کے تذکرے ہیں

وہاں وہاں، تیری مصطفائی کے تذکرے ہیں

Marfat.com

# انوار کی باتیں

| | |
|---|---|
| جاء کم من اللہ نور | مصطفیٰ ﷺ کے انوار کی باتیں |
| من وّراء لعجرات | مصطفیٰ ﷺ کے گھر بار کی باتیں |
| لعمرک کا لام | مصطفیٰ ﷺ کا تاج سر |
| انا فتحنا کی فا | مصطفیٰ ﷺ کے لشکر کا فتح نامہ |
| انا ارسلناک کا الف | مصطفیٰ ﷺ کی نصرت کا جھنڈا |
| طہ کی ط | مصطفیٰ ﷺ کے منشور عالی کا طرۂ امتیاز |
| الم ترا الی ربک | مصطفیٰ ﷺ کی نظر کا کمال |
| والضحیٰ | مصطفیٰ ﷺ کے چہرے کا جمال |
| لعمرک | مصطفیٰ ﷺ کی جان کی قسم |
| والذین معہ | مصطفیٰ ﷺ کے یاراں کی قسم |
| ویطعمون الطعام | مصطفیٰ ﷺ کی بنت وداماد کی تعریف |
| الا المودۃ فی القربیٰ | مصطفیٰ ﷺ کے نواسوں کی توصیف |
| سبحٰن الذی اسریٰ | مصطفیٰ ﷺ کے سفر شب کا حال |
| فاوحی الی عبدہ ما اوحی | مصطفیٰ ﷺ کی عبدیت کا کمال |

Marfat.com

الغرض

| | |
|---|---|
| محمد الرسول اللہ ﷺ | مصطفیٰ ﷺ کی رسالت کا ترانہ |
| و رفعنالک ذکرک | مصطفیٰ ﷺ کی عظمت کا ترانہ |
| والنجم اذا ھویٰ | مصطفیٰ ﷺ کے سفر کا تذکرہ |
| طٰہٰ | مصطفیٰ ﷺ کے رخ منور کا تذکرہ |
| وما ینطق عن الھویٰ | مصطفیٰ ﷺ کے اقوال کی باتیں |
| قم فانذر | مصطفیٰ ﷺ کے افعال کی باتیں |

Marfat.com

# کون محمد عربی ﷺ

خدا کا ہے نور — محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
ہے کیف وسرور — محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
حق کی تنویر — محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
سراج منیر — محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
خدا کا جمال — محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
بے مثل ومثال — محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
مقبول زمانہ — محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
مخلوق میں یگانہ — محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
خدا کا پیارا — محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
بے کسوں کا سہارا — محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
دلوں کا چین — محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
راحت عین — محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
عاشقوں کی ثروت — محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
ہے پیکر رحمت — محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
سب کا کریم — محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
ہے رؤف الرحیم — محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
حق کا ستارا — محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
ہے سینوں کا نعرہ — محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

Marfat.com

# انسانیت

حضرات گرامی!

خالق انسانیت کا شکر ہے جس نے ہمیں انسانیت میں تخلیق فرمایا۔ انسانیت شاہد ہے کہ آج کی انسانیت ماضی کی انسانیت سے انسانیت میں کم تر ہے۔ اور اے انسانیت! انسانیت کا تقاضا ہے کہ اگر تیرے اندر انسانیت ہے تو محسن انسانیت کی انسانیت کو انسانیت کی طرح اپنا کر انسانیت کو انسانیت سے بہرہ ور کر۔

اے انسانیت اس لئے کہ:

انسانیت کی عظمت محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
انسانیت کی عزت محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
انسانیت کا وقار محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
انسانیت کا نکھار محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
انسانیت کا ترنم محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
انسانیت کا تبسم محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
انسانیت کا تقاضا محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
انسانیت کا سہارا محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
انسانیت کی رفعت محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
انسانیت کی شوکت محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

بلکہ میں تو یوں کہوں گا:

انسانیت کی انسانیت محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

Marfat.com

# مدینہ

جنت کی جنت مدینہ
سراپا رحمت مدینہ
سامان مسرت مدینہ
دلوں کی راحت مدینہ
سکون کی دولت مدینہ
گلیوں کی نگہت مدینہ
بہاروں کی رنگت مدینہ
غریبوں کی عشرت مدینہ
عاشقوں کی عزت مدینہ
خدا کی رحمت مدینہ
ہماری دولت مدینہ
روح کی لذت مدینہ
دل کی چاہت مدینہ
جنت میں گر خدا نے کہا کیا چاہئے
تو بول اٹھوں گا رب العزت مدینہ

Marfat.com

## ذکر محمد صلی اللہ علیہ وسلم

اس کا ذکر کون روک سکتا ہے اور اس کی نعت خوانی کون ختم کر سکتا ہے

جس کے بارے میں:

| | |
|---|---|
| وما ارسلنک الا رحمة للعالمین | اللہ نے کہا |
| والضحی | اللہ نے کہا |
| والیل اذا سجی | اللہ نے کہا |
| ما ودعک ربک و ماقلی | اللہ نے کہا |
| وللاخرة خیرلک من الاولی | اللہ نے کہا |
| ولسوف یُعطیک ربک فترضی | اللہ نے کہا |
| وما ینطق عن الھوی | اللہ نے کہا |
| یا ایھا النبی | اللہ نے کہا |
| یا ایھا الرسول | اللہ نے کہا |
| یا ایھا المزمل | اللہ نے کہا |
| یا ایھا المدثر | اللہ نے کہا |
| ورفعنالک ذکرک | اللہ نے کہا |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| یٰسین | اللہ نے کہا |
| طٰہٰ | اللہ نے کہا |
| اناشانئک ھوالابتر | اللہ نے کہا |

تو پھر کیوں نہ کہوں؟

؎ مٹ گئے مٹتے ہیں مٹ جائیں گے اعداء تیرے
نہ مٹا ہے نہ مٹے گا کبھی چرچا تیرا

Marfat.com

# حسنِ سرکار صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

# حسن مصطفیٰ ﷺ احادیث کی روشنی میں

☆

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

"ما رائیت شیاءً احسن من رسول اللہ ﷺ"

☆

ہمدان کی ایک عورت نے حضور ﷺ کے ساتھ حج کیا۔ ابو اسحاق نے پوچھا بتاؤ حضور ﷺ کا چہرا کیسا تھا؟ تو اس نے جوابا کہا۔

"کالقمر لیلة البدر لم ار قبله ولا بعده مثله"

(بیہقی)

☆

ابن ابی حالة کی حدیث میں ہے:

"کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه و سلم فخما مخفما یتلالاء وجهه و تلا لولو القمر لیلة البدر"

(مدارج النبوۃ)

☆

حضرت عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن العاص فرماتے ہیں:

Marfat.com

"لم اكن شخص احب اليه منه ولا اجل في عيني منه قال ولو شئت ان اصف لكم لما اطقت لاني لم املاء عيني منه اجلالا"

(شفا شریف)

☆

حضرت ابوقر صافہ بیان کرتے ہیں کہ

''میں نے، میری ماں اور میری خالہ نے حضور ﷺ کی ایک ہی وقت میں بیعت کی۔ جب واپس ہوئے تو میری ماں اور خالہ کہنے لگیں ہم نے آپ ﷺ جیسا خوبصورت، خوش لباس، اور نرم گفتار نہیں دیکھا، اور ہم نے آپ ﷺ کے دہن مبارک سے نور نکلتے ہوئے دیکھا''

(طبرانی)

☆

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ

''حضور ﷺ نے فرمایا میرے پاس جبرائیل آئے اور کہا کہ اللہ پاک آپ کو سلام کہتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ میں نے یوسف کو حسن اپنی کرسی کے نور سے پہنایا اور آپ کے چہرے کو حسن اپنے عرش کے نور سے بخشا''

(ابن عساکر)

☆

Marfat.com

''الدر الثمین فی مبشرات النبی الامین ﷺ میں شاہ ولی اللہ رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ

''میرے والد شاہ عبدالرحیم نے حضور ﷺ کو خواب میں دیکھا تو عرض کی کہ آقا جمال یوسف دیکھ کر عورتوں نے اپنے ہاتھ کاٹ ڈالے تھے آپ کو دیکھ کر کسی کی حالت ایسی نہیں ہوئی۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا میرا جمال لوگوں کی آنکھوں سے اللہ تعالیٰ نے غیرت کی وجہ سے چھپا دیا ہے اگر ظاہر ہو جائے تو لوگوں کا حال اس سے بھی زیادہ ہو جو حضرت یوسف کو دیکھ کر ہوا۔''

☆

ملا علی قاری رحمتہ اللہ علیہ ''جمع الوسائل بشرح الشمائل'' میں فرماتے ہیں:

''اگر آپ کا حسن پوری آب وتاب سے ظاہر ہوتا تو صحابہ کرام کو آپ کے چہرہ انور کی طرف دیکھنا مشکل ہوتا۔''

☆

''نشر الطیب'' میں اشرف علی تھانوی رقم طراز ہیں:

''میں کہتا ہوں کہ عام لوگوں کا آپ پر اس طور عاشق نہ ہونا جیسا حضرت یوسف پر ہوا کرتے تھے سبب غیرت الٰہی کے ہے کہ آپ کا جمال جیسا تھا غیروں پر ظاہر نہیں ہوا۔''

Marfat.com

☆

''مدارج النبوۃ'' میں شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''آپ سر مبارک سے لے کر قدم مبارک تک نور تھے اگر آپ لباس بشری میں نہ ہوتے تو کسی کا آپ کی طرف نظر بھر کر دیکھنا اور آپ کے حسن کا ادراک ناممکن ہوتا۔''

☆

حضرت کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن مالک فرماتی ہیں:

''جب حضور ﷺ پر خوشی اور مسرت کے آثار ظاہر ہوتے تو آپ کا چہرہ اقدس چمکدار ہو جاتا گویا ''کانه قطعة قمر''

(صحیح مسلم)

☆

علامہ نبہانی رحمتہ اللہ علیہ ''جواھر البحار'' میں فرماتے ہیں:

''آپ ﷺ جب رات کو مسکراتے تو گھر روشن اور منور ہو جاتا۔''

اور فرماتے ہیں:

''حضور ﷺ ایک نور تھے جن کی روشنی سے سارے جہان روشن ہو گئے۔''

Marfat.com

# والیل ضحیٰ کا نقشہ

حسن تیرا ہے والیل ضحیٰ کا نقشہ
چہرا ہے کیا، انوار خدا کا نقشہ
ایکم مثلی نے ہے یہ راز بتایا ہم کو
کہیں بھی نہیں کوئی دوسرا ایسا نقشہ
ظلمت آفاق میں یہ قندیل نما ٹھہرا
اندھیروں میں کرتا ہے اجالا نقشہ
ارے خود کو سرکار کی مانند کہنے والے
شیشے میں ذرا دیکھ ہے کیسا تیرا نقشہ
تیرے رخ انور کی جو ہوتی اس کو خبر
ہرگز مجنوں کو نہ بھاتا لیلیٰ کا نقشہ
ہارون یہ پیام سنا دو لوگوں کو
اس نقشے کے تصدق سے ہے میرا نقشہ

Marfat.com

# انوار خدا کا روشن دھارا

انوار خدا کا روشن دھارا حسن محمد ﷺ
قدرت نے فرصت سے سنوارا حسن محمد ﷺ

فردوس کے حسن سے اس کو غرض نہیں رہتی
بن جائے جس کا نظارہ حسن محمد ﷺ

روشن خوب ہوا پھر وہ نور خدا سے
خالق نے جس دل میں اتارا حسن محمد ﷺ

''من رأنی فقدرأ الحق'' کی تفسیر کرتی ہے وضاحت
انوار خدا کا ہے نظارا حسن محمد ﷺ

ہاروؔن مانا کہ حور وغلمان بھی ہیں خوبصورت لیکن
ہمیں سب سے ہے پیارا حسن محمد ﷺ

Marfat.com

# لب محوِ تبسم

لب محوِ تبسم ہوں تو تلوار کی مانند
ابرو چمکتی پتلی تار کی مانند

گر محوِ تبسم ہوں وہ ہونٹ تو بکھریں
اجالے اطراف میں انوار کی مانند

تمثیل میں خلقت کی نہیں کوئی چیز
ابرو کی طرح، رخسار کی مانند

قدمین مبارک محفل میں اگر رکھ دیں
موسم ہی بدل جائے بہار کی مانند

والنجم و طٰہٰ و مدثر و مزمل
رب نے کس کو ہے بلایا سرکار کی مانند

Marfat.com

# عاشق کا سفر

سرور کائنات ﷺ کے بارگاہ رسالت مآب میں جس ادب و محبت سے حاضری دیتے ہیں۔ وہ بیان کے محتاج نہیں تاہم ایک عاشق سوئے مدینہ چلتے ہوئے کن جذبات کا متحمل ہوتا ہے وہ آپ کے پیش خدمت ہیں:

آغوش میں الفت شاہا کی سحر لے کر
شہر نبی کے ذروں کی قدر لے کر
محمد ﷺ کی محبت کے بٹھانے کو
دل کا حسیں منبر لے کر
آ کر سیلاب کی صورت میں
جذبات کا جاری سمندر لے کر
دل میں لئے حمد کی باتیں
زباں پہ اللہ کا شکر لے کر
وہ جسے رومی نے جلایا تھا
اس آگ کا شرف شرر لے کر
سنبھال کے خون کی گردش کو
سوز قلب ساز جگر لے کر

Marfat.com

بوصیریؔ کا انداز تکلم
اعلیٰ حضرت کی فکر لے کر
جامی کی شراب محبت سے
نشۂ الفت کا اثر لے کر
چاہت و الفت و لذت
اور تمنا کا زاد سفر لے کر
تھامے ہاتھ میں پھول کی پتیاں
بوئے کستوری و عنبر لے کر
قرنی کی چشمان عقیدت لے کر
بلال کی نظروں سے نظر لے کر
رستوں میں جما کر نظریں
قدموں کی جگہ سر لے کر
دربار میں رکھنے کو ستارے
راہوں میں بچھانے کو قمر لے کر
چلتا ہے عاشق محمد ﷺ کے نگر
شدت جذبات مگر لے کر

Marfat.com

# حضرت جابر رضی اللہ عنہ اور حسن مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں!

چودھویں کا چاند چمک رہا تھا

میں اپنے گھر سے نکلا

بارگاہ رسالت میں پہنچا

میں نے دیکھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک حویلی کے اندر تشریف فرما ہیں اور سرخ دھاری دار چادر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے زیب تن کر رکھی ہے۔

میں کبھی رخ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی رعنائیوں کو دیکھتا

کبھی چاند کی ضیاء پاشیوں کو دیکھتا

اور میں موازنہ کر رہا تھا کہ دونوں میں حسین کون ہے؟ دونوں میں صاحب جمال کون ہے؟

بالآخر میں نے فیصلہ کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم میرے نزدیک چاند سے زیادہ حسین ہیں۔

کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے:

ے چاند سے تشبیہ دینا یہ بھی کیا انصاف ہے
اس کے منہ پے چھائیاں ان کا چہرا صاف ہے

Marfat.com

# حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور حسن مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

عاشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سیدنا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

**ما رایت شیئا احسن من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم**

''میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر کوئی حسین نہیں دیکھا''

یہ سچ ہے کہ اگر مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے عاشق سے اگر پوچھا جائے کہ تو نے کائنات میں بکھرے حسن کو دیکھا ہے اور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے رخ انور کو بھی دیکھا ہے۔ ذرا بتا تجھے کائنات کے مقابل میں سرکار مدینہ کا رخ انور کیسا لگا تو وہ بول اٹھے گا:

موج کو سمندر میں بکھرتے دیکھا
پانی کو حسین وادی سے گزرتے دیکھا

ساعت صبح صادق میں
شب کے اندھیروں کو سحر ہوتے دیکھا

انوار قمر کو آنکھ سے میں نے
اندھیروں میں بکھرتے دیکھا

Marfat.com

سبزہ آنکھ طراوت میں
ہرن کو ناز سے چرتے دیکھا

جذبہ عشق سے میں نے
پروانے کو شمع پہ مرتے دیکھا

بہار کے ایام دل نواز میں
کلیوں کو صبا سے نکھرتے دیکھا

شاخ تلوار نما پے بلبل کو
حسیں لے میں ورد خدا کرتے دیکھا

جہاں میں خوب تجسّس سے
حسن کو ہر سو ہے بکھرتے دیکھا

دیکھا دیکھا سب کچھ دیکھا
نہ دیکھا پر احمد صلی اللہ علیہ وسلم سا ہے نہ دیکھا

Marfat.com

# حضور ﷺ کا مقدس سراپا

میانہ قد، سبک رفتار، صورت نور کا پیکر
بہت مضبوط، بے حد دلربا اور خوشنما اعضاء
نہ فربا اور نہ دبلا جسم، دلکش نقرئی رنگت
کشادہ سینہ، ہلکی پنڈلیاں، پرگوشت دست و پا
بڑا سر، بال قدرے گھنگریالے کان تک لمبے
گھنی ریش مبارک، روئے زیبا، ماہ دو ہفتہ
سیاہ و سرگیں آنکھیں، بڑی پلکیں، گھنے ابرو
تبسم زیر لب، دندان اقدس گوہر یکتا
سفید و سرخ چہرا، نور سے معمور پیشانی
نگہ جس سے ہو آسودہ، وہ پیارا ناک و نقشہ
کشادہ پشت پر، شانوں کے بیچ دائیں کو
برابر نیم بیضہ کے، نشاں مہر نبوت کا

Marfat.com

# پُرانوار ذاتیں

پُرانوار نبیوں کی سب ذاتیں تھیں
سب شان علیحدہ رکھتی تھیں

کچھ نور کے چشمے ٹھہرے تھے
کچھ ندیاں بن کر چمکے تھے

دریا بن کر کچھ بہتے تھے
الگ الگ یہ دھارے تھے

خالق نے یہ سب سمیٹے، انوار کا بحر بنا ڈالا
وہ محمد ﷺ بہت پیارے تھے، ان کا نور سجا ڈالا

Marfat.com

# سراج منیر

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں:

**لنا شمس وللافاق شمس**

**و شمسنا تطلع بعد العشاء**

کہ ہمارا بھی ایک سورج ہے اور کائنات کا بھی ایک سورج ہے اور ہمارا سورج عشاء کے بعد طلوع ہوتا ہے دونوں میں فرق یہ ہے کہ

یہ زمین کا سورج ہے

وہ عالمیں کا سورج ہے

یہ سورج کائنات میں گھومتا ہے

اس سورج کے گرد کائنات گھومتی ہے

یہ سورج مشرق سے طلوع ہوا

وہ سورج عرش بریں سے طلوع ہوا

یہ سورج غروب ہو جاتا ہے

وہ سورج عروج پے رہتا ہے

یہ سورج چلتا ہے تو نیچے آتا ہے

Marfat.com

وہ سورج چلتا ہے تو عرش اعلیٰ سے اوپر جاتا ہے

یہ سورج اپنی روشنی سے جلا دیتا ہے

وہ سورج اپنی روشنی سے جِلا دیتا ہے

یہ سورج جان کو زندہ رکھتا ہے

وہ سورج ایمان کو زندہ رکھتا ہے

اس سورج کی روشنی ناگوار ہوتی ہے

اس سورج کی روشنی خوشگوار ہوتی ہے

یہ سورج اشارے سے واپس آنے والا ہے

وہ سورج اشارے سے بلانے والا ہے

یہ سورج منبہ ضیاء ہے

وہ سورج پیکر مصطفیٰ ﷺ ہے

Marfat.com

# حسن الٰہیہ کا پرتو

رب کائنات کا فرمان مبارک ہے:

اللہ نور السمٰوٰت والارض

کہ اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے

یعنی کائنات کی ہر شئی میں اس کے حسن کی ضیاء پاشیوں کی جھلک نظر آتی ہے چنانچہ اگر کائنات کو دیکھا جائے تو

کہیں بلبل شاخ برگد پہ بیٹھے چہک رہی ہے
چمن زاروں میں کہیں پھول کی پتی پتی مہک رہی ہے
کہیں دریا کی روانی میں لہریں اٹھتی نظر آتی ہیں
سمندر میں کہیں موجیں بپھرتی نظر آتی ہیں
سمندر کی گہرائی میں کہیں موتی یگانے ہیں
کہیں آبشاروں کی ٹک ٹک کے ترانے ہیں
پتوں میں، کلیوں میں، پھولوں میں نہاں نظر آتا ہے
خدا کے حسن کا پرتو ہر شئے میں نمایاں نظر آتا ہے

Marfat.com

خلقت نے سوال کیا!

اے رب، ہے کوئی ایسا

جو سراپا نور ہو تیرا

تو قدرت نے کہا!

وہ ہے ذات مصطفیٰ ﷺ

| | |
|---|---|
| جو اسے دیکھے گا | وہ مجھے دیکھے گا |
| صورت اس کی ہوگی | دیدار میرا ہوگا |
| عمل اس کا ہوگا | اظہار میرا ہوگا |
| چہرہ اس کا ہوگا | مظہر انوار میرا ہوگا |
| محبت اس کی | پیار امیرا ہوگا |
| جھٹلانا اس کا | انکار میرا ہوگا |
| رسالت اس کی ہوگی | توحید میری ہوگی |

Marfat.com

# رفعت ذکر رسول ﷺ

رب کائنات نے فرمایا:

ورفعنالک ذکرک

''اے حبیب ﷺ ہم نے تیرے لئے تیرے ذکر کو بلند کیا''

گویاباری تعالیٰ نے اپنے محبوب سے پیار کی زبان سے فرمایا:

توحید میری ہو گی
رسالت تیری ہو گی
خلقت میری ہو گی
حکومت تیری ہو گی
براق میرا ہو گا
سواری تیری ہو گی
آب کوثر میرا ہو گا
ملکیت تیری ہو گی
جبرائیل میرا ہو گا
خدمت تیری ہو گی

Marfat.com

عطا میری ہو گی

تقسیم تیری ہو گی

چہرا تیرا ہو گا

والضحیٰ میں بولوں گا

زلفیں تیری ہوں گی

واللیل اذا سجیٰ میں بولوں گا

معراج تیری ہو گی

سبحان الذی اسریٰ میں بولوں گا

سفر تیرا ہو گا

والنجم اذا ھویٰ میں بولوں گا

اخلاق تیرا ہو گا

وانک لعلیٰ خلق عظیم میں بولوں گا

بول تیرا ہو گا

وماینطق عن الھویٰ میں بولوں گا

کنکریاں تو پھینکے گا

ولکن اللہ رمیٰ میں بولوں گا

Marfat.com

رحمت تیری ہو گی

وماارسلنک الا رحمۃ للعالمین میں بولوں گا

رسالت تیری ہو گی

وانک لمن المرسلین میں بولوں گا

توحید میری ہو گی

لا الہ الا اللّٰہ تو بولے گا

رسالت تیری ہو گی

محمد رسول اللہ ﷺ میں بولوں گا

Marfat.com

# میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

# احادیث میلاد

☆

وکانت تلک السنة التی حمل فیها برسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ و سلم یقال لها سنة الفتح والبتهاج فان قریش کانت قبل ذالک فی جدب و ضیق عظیم، فاحضرت الارض، وحملت الاشجار و اتاهم الرغد من کل جانب فی تلک السنة

(السیرۃ الحلبیۃ ۱/۷۸) (الخصائص لکبریٰ ۱/۴۷)

"جس سال نور محمدی ﷺ حضرت آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو ودیعت ہوا وہ فتح ونصرت، تروتازگی اور خوشحالی کا سال کہلایا، اہل قریش اس سے قبل معاشی بدحالی، عسرت اور قحط سالی میں مبتلا تھے ولادت کی برکت سے اس سال اللہ تعالیٰ نے بے آب وگیاہ زمین کو شادابی اور ہریالی عطا فرمائی اور (سوکھے) درختوں کی پژمردہ شاخوں کو ہرا ابھرا کر کے انہیں پھلوں سے لاد دیا اہل قریش اس طرح ہر طرف سے کثیر خیر آنے سے خوشحال ہو گئے۔"

☆

و عن عمرو بن قتیبة قال سمعت ابی و کان من اوعیة

Marfat.com

العلم قال لما حضرت ولادة آمنة قال اللّٰه تعالیٰ للملائكة افتحوا ابواب السماء كلها وابواب الجنان والبست الشمس يومئذ نورا عظيما وكان قد أذن اللّٰه تعالیٰ تلك السنة لنساء الدنيا أن يحملن ذكوراً كراميةً لمحمد صلى الله تعالیٰ عليه وسلم

(انوار محمدية. لنبهانی ۲۲) (السيرة الحلبية ۷۸/۱)

''عمرو بن قتیبہ سے مروی ہے کہ میں نے اپنے والد سے سنا کہ جو متبحر عالم تھے، کہ جب حضرت آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ہاں ولادت باسعادت کا وقت قریب آیا تو اللہ تعالیٰ نے فرشتوں سے فرمایا کہ تمام آسمانوں اور جنتوں کے دروازے کھول دو۔ اس روز سورج کو عظیم نور پہنایا گیا اور اللہ تعالیٰ نے دنیا بھر کی عورتوں کے لئے یہ مقدر کر دیا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی برکت سے لڑکے جنیں۔''

☆

فلما فصل منی خرجک معه نور اضاء له ما بين المشرق الى المغرب

(طبقات ابن سعد: ۱۰۲/۱) (السيرة الحلبية: ۹۱/۱)

Marfat.com

''جب سرور کائنات کا ظہور ہوا تو ساتھ ہی ایسا نور نکلا جس سے شرق تا غرب سب آفاق روشن ہو گئے۔''

☆

انه خرج منی نورا ضاء لی به قصور بصری من ارض الشام و فی روایة أضاء له قصور الشام واسوقها حتی رأیت اعناق الابل ببصری

(سیرة ابن هشام: ۱۱۱) (طبقات ابن سعد: ۱/۱۰۲)

(السیرة الحلبیة: ۱/۹۱)

''بے شک مجھ سے ایسا نور نکلا جس کی ضیاء پاشیوں سے سرزمین شام میں بصرۃ کے محلات میری نظروں کے سامنے روشن اور واضح ہو گئے۔ اسی قسم کی ایک دوسری روایت کے الفاظ یہ ہیں کہ اس نور سے ملک شام کے محلات اور وہاں کے بازار اس قدر واضح نظر آنے لگے کہ میں نے بصرۃ میں چلنے والے اونٹوں کی گردنوں کو بھی دیکھ لیا۔''

☆

لما حضرت ولادة رسول الله صلی الله تعالٰی علیه و سلم رأیت البیت حین وقع قد امتلاء نوراً ورأئت النجوم تدنو حتی

Marfat.com

ظننت أنها ستقع علي

(السيرة الحلبية: ۹۴) (انوار محمدية: ۲۵)

''جب آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت ہوئی میں خانہ کعبہ کے پاس تھی میں نے دیکھا کہ خانہ کعبہ نور سے منور ہو گیا ہے اور ستارے زمین کے اتنے قریب آ گئے کہ مجھے یہ گمان ہونے لگا کہ کہیں وہ مجھ پر گر نہ پڑیں۔''

☆

فكشف الله عن بصري فرأيت مشارق الارض ومغاربها ورأيت ثلاثة اعلام مضروبات علمًا بالمشرق علمًا بالمغرب وعلمًا على ظهر الكعبة

(انوار محمديه لنبهانی ۳۴) (سيرة الحلبية ۱۰۹)

''پھر اللہ تعالیٰ نے میری آنکھوں سے حجاب اٹھا دیئے تو مشرق تا مغرب تمام روئے زمین میرے سامنے کر دی گئی جس کو میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ نیز میں نے تین جھنڈے بھی دیکھے، ایک مشرق میں گاڑا گیا، دوسرا مغرب میں اور تیسرا پرچم کعبۃ اللہ کی چھت پر لہرا رہا تھا۔''

Marfat.com

☆

قالت ثم اخذنی ما یاخذ النساء سمعت وجیه عظیمة ثم رأیت کان جناح طائر ابیض قد مسح علی فوادی فذهب عنی الرعب و کل وجع أجده ثم التفت فاذا أنا بشربة بیضاء فتناولتها فاذا هی احلی من العسل فاصابنی نور عال ثم رأیت نسوة کالنخل طوالا کانهن من بنات عبد مناف یحدقن بی فبینما أنا أتعجب و أقول و اغوثاه من أین علمن بی فقلن بی نحن آسیة امرأة فرعون و مریم ابنة عمران و هؤلاء من الحور العین

(انوار محمدیه لنبهانی ۳۳) (زرقانی علی المواهب ۱/۱۱۲)

"آپ فرماتی ہیں مجھے عورتوں کی طرح جب دردزہ شروع ہوا تو میں نے ایک بلند آواز سنی جس نے مجھ پر خوف طاری کر دیا۔ پھر میں نے دیکھا کہ ایک سفید پرندے کا پر میرے دل کو مس کر رہا ہے جس سے میرا تمام خوف اور درد جاتا رہا پھر میں متوجہ ہوئی تو میں نے اچانک اپنے سامنے ایک سفید شربت پایا جسے میں نے پی لیا وہ شہد سے بھی میٹھا تھا پھر ایک بلند نور

Marfat.com

کے ہالے نے گھیر لیا میں نے دیکھا کہ حسین وجمیل عورتیں جو قد کاٹھ اور چہرے مہرے میں عبد مناف کی بیٹیوں سے مشابہ تھیں۔ انہوں نے مجھے اپنے حصار میں لے لیا میں حیران ہوئی وہ کہاں سے آ گئیں اور انہیں اس (ولادت) کی خبر کس نے دی تو انہوں نے کہا ہم آسیہؓ زوجہ فرعون اور مریم بنت عمران ہیں اور یہ ہمارے ساتھ جنت کی حوریں ہیں۔"

☆

فبينما أنا كذالک اذا بديباج أبيض قد مدبين السماء والارض واذا بقائل يقول خذوه عن أعين الناس قالت ورأيت رجالاً قد وقفوا فى الهواء بأيديهم أباريق من فضة ثم نظرت فاذا أنا بقطعة من الطير قد غطت حجرتى مناقيرها من الزمرد و اجنحتها من الياقوت

(انوار محمدية: ۳۳) (زرقانى على المواهب: ۱/۱۱۲)

"اسی دوران میں نے سفید ریشم کا ایک ٹکڑا دیکھا جو زمین اور آسمان کے درمیان پھیلا دیا گیا اس وقت ایک کہنے والا کہہ رہا تھا انہیں پکڑ کر لوگوں

Marfat.com

کی آنکھوں سے دور لے جاؤ آپ فرماتی ہیں میں نے کچھ لوگوں کو دیکھا کہ ہوا میں (تعظیماً) کھڑے ہیں اور ان کے ہاتھوں میں چاندی کی صراحیاں ہیں پھر میں نے پرندوں کے جھنڈ دیکھے جنہوں نے آ کر میرے حجرہ (مبارک) کو ڈھانپ لیا ان کی چونچیں زمرد کی اور پر یاقوت کے تھے۔''

Marfat.com

# کافر کو میلاد کا اجر

فلما مات ابولهب فراه بعض اهله بشر حيبة قال له ماذا لقيت قال ابولهب لم الق بعد كم خيراً غير أنى سقيت فى هذه لعتاقتى ثويبة

(صحیح بخاری ۲/ ۷۶۲ کتاب النکاح)

''ابولہب کے مرنے کے بعد اس کے اہل خانہ میں سے کسی نے جب اسے دیکھا تو وہ بہت بُرے حال میں تھا اس سے پوچھا کیسے ہو؟ ابولہب نے کہا میں بہت سخت عذاب میں ہوں اس سے کبھی چھٹکارا نہیں ملتا ہاں مجھے (اس عمل کی جزا کے طور پر) کچھ سیراب کیا جاتا ہے کہ میں نے (حضور ﷺ کی ولادت کی خوشی میں) ثویبہ کو آزاد کیا تھا۔

اسی واقعہ کو عظیم محدث ابن حجر عسقلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے امام اسہیلی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے یوں بیان کیا ہے:

ان العباس قال لما مات أبولهب رأيته فى منامى بعد حول فى شر حال فقال مالقيت بعد كم راحة الا ان العذاب يخفف عنى كل يوم اثنين

(فتح الباری شرح البخاری ۹: ۱۴۵)

Marfat.com

''حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ابولہب مر گیا تو میں نے اس کو ایک سال بعد خواب میں بہت بُرے حال میں دیکھا اور یہ کہتے ہوئے پایا کہ تمہاری جدائی کے بعد آرام نصیب نہیں ہوا بلکہ سخت عذاب میں گرفتار ہوں لیکن پیر کا دن آتا ہے تو میرے عذاب میں تخفیف کر دی جاتی ہے۔''

حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس کی وجہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

**ان النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ و سلم ولد یوم الاثنین و کانت ثویبة بشرت ابالھب بمولدہ فاعتقھا**

(فتح الباری شرح بخاری ۹: ۱۴۵)

''کہ عذاب میں تخفیف کی وجہ یہ تھی کہ اس نے سوموار کے دن حضور ﷺ کی ولادت کی خوشی میں اپنی لونڈی ثویبہ کو آزاد کر دیا تھا لہذا جب سوموار کا دن آتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسی خوشی کے صلہ میں عذاب میں تخفیف فرما دیتے ہیں۔''

Marfat.com

# محمد ﷺ نام کی صورت

کائنات کے سارے پردوں میں
ہے حسن سجایا مالک نے
گلزار میں پھرتی تتلی پر
ہے رنگ چڑھایا مالک نے
چاند کے روشن چہرے کو
خود آپ بنایا مالک نے
افلاک میں پھرتے سورج کو
ہے نور پہنایا مالک نے
محمد ﷺ نام کی صورت میں
ہے نور سجایا مالک نے

☆

Marfat.com

# آ گئے، آ گئے، مصطفیٰ ﷺ آ گئے

کلی مسکرائی

بلبل چہچہائی

گلشن مہکے

پرندے چہکے

کہکشاں جھلملائے

گل کھلکھلائے

ستارے چمکے

سیارے دمکے

اطراف میں عالم کے، شمس کی کرنیں پھیلیں

چمکتے روشن چاند کی، شعاعیں منور چمکیں

خزاں کا بندھن ٹوٹا بہار کے نغمے آئے

نفرت جل کے راکھ ہوئی، پیار کے نغمے آئے

بت گرے عالم میں، اک نور نرالا چمکا

مکہ کی جب نگری میں وہ کملی والا چمکا

اور......

چار سو ابر رحمتوں کے چھا گئے

آ گئے، آ گئے، مصطفیٰ آ گئے

Marfat.com

# آقا تیرے نور کے مظہر سارے

گرجتے بادل، گھنے جنگل
بلبل کا ترنم، کلیوں کا تبسم
چمکتی بجلیاں، لہلاتی کھیتیاں
سمندر کی موجیں، دریا کی لہریں
صحرا کا سکوت، جبالوں کے خطوط
فلک کی نیلاہٹ، کہکشاؤں کی جھلملاہٹ
سبزے کی طراوت، پرندوں کی تلاوت
ستاروں کی دمک، سورج کی کرن
حنا کی رنگت، چمبیلی کے دہن
پتوں کی حسینی، شاخوں کی نزاکت
خار کی دھاریں، تنے کی طاقت
قمر کی قمری، سورج کی ضیائیں
بہار کا موسم، اور چلتی سی صبائیں
وادی کا جمال، صحراؤں کی خلوت
چمن کا حسن، کلیوں کی جلوت

Marfat.com

رمق، دمک، چمک اور یہ چمکارے
چہک، مہک، سسک اور سیارے
حسن کے جتنے بھی نظارے ہیں
آقا تیرے نور کے مظہر سارے ہیں

Marfat.com

# پیکرِ مصطفیٰ ﷺ تیرے در کی خیرات ہے

قطرہ قطرہ

بہتے دریا

منظر منظر

چلتے سمندر

اجلے اجلے

سارے پتے

نگر نگر

پھر سارے گھر

کرن، کرن

مہکے گلشن

دل، دل

بدن کی محفل

سورج کی ضو ساری قمر کے سب اجالے

افلاک کی لمبی چادر چمکتے تارے سب نرالے

Marfat.com

دمکتے موتی اور ہیروں کی سب دھاریں
مضبوط تنوں پے شاخوں کی سب تلواریں
دن کی باتیں، رات کے قصے
حیات کی دنیا
موت کے نقشے
گل، کلی، تنے، باغ
مور، پنکھ، بلبل، زاغ
فلک کا گولہ
زمیں کی طشتری
یہ ابتری اور برتری
جتنی بھی رحمتوں کی بارات ہے
پیکر مصطفیٰ ﷺ تیرے در کی خیرات ہے

Marfat.com

# دو انبیاء کی دعائیں

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے رب کائنات کی بارگاہ میں دعا کی:

”ربنا انزل علینا مائدة من السماء تکون لنا عیدا“

”اے ہمارے رب ہمارے لئے آسمان سے کھانا نازل فرما جو ہمارے لئے خوشی کا سبب ہو۔“

جبکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے باری تعالیٰ سے یوں دعا کی:

”ربنا وابعث فیھم رسولاً منھم یتلوا علیھم ایتک و یعلمھم الکتاب والحکمة و یزکیھم انک انت العزیز الحکیم“

حضرات گرامی قدر ان دونوں دعاؤں کو مدنظر رکھتی ہوئے میلا النبی ﷺ کی قرآنی اہمیت و جواب آپ کے پیش خدمت کرنا چاہتا ہوں۔

ادھر سیّدنا عیسیٰ علیہ السلام دعا کر رہے ہیں

ادھر سیّدنا ابراہیم علیہ السلام دعا کر رہے ہیں

یہ روح اللہ ہیں

وہ خلیل اللہ ہیں

Marfat.com

یہ بھی خدا سے دعا کر رہے ہیں

وہ بھی خدا سے دعا کر رہے ہیں

یہ بھی خدا سے مانگ رہے ہیں

وہ بھی خدا سے مانگ رہے ہیں

مگر حضرات گرامی!

مانگی جانے والی چیزوں میں فرق ہے وہ اس طرح کہ

حضرت عیسٰی علیہ السلام خدا سے کھانا مانگ رہے ہیں

حضرت ابراہیم علیہ السلام خدا سے حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نانا

مانگ رہے ہیں

کھانے نے آسمان سے آنا ہے

حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نانے نے بے مثل مکان سے آنا ہے

کھانے نے معدوں میں اترنا ہے

حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نانے نے دلوں میں اترنا ہے

کھانا جان کو طاقت دیتا ہے

حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نانا ایمان کو طاقت دیتا ہے

Marfat.com

کھانے کی طاقت عارضی ہے

حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نانے کی طاقت دائمی ہے

حضرات گرامی قدر!

اگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کھانے کے آنے پر عید کا اعلان کر سکتے ہیں تو ہم حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نانا کے آنے پر عید کا اعلان کیوں نہیں کر سکتے۔

Marfat.com

# ۱۲ ربیع الاوّل کو آنے کی حکمت

حضرات گرامی قدر آپ جانتے ہیں کہ پیکر مصطفیٰ ﷺ ۱۲ ربیع الاوّل کو سوئے عالم تشریف لائے اور آپ کو خبر ہو گی کہ ''۷۸٦'' بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے حروف کے اعداد کا مجموعہ ہے یعنی ''۷۸٦'' بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پر دلالت کرتا ہے اسی طرح ایک لفظ ''حد'' ہے جس کے اعداد ''۱۲'' بنتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کو ۱۲ ربیع الاوّل کو پیدا فرما کر کائنات والوں کو آگاہ کر دیا کہ اے کائنات والو میں نے تمہاری طرف اپنا رسول بھیج دیا ہے سو تمہارے اوپر

میرے کرم کی حد ہو گئی
لطف و عطا کی حد ہو گئی
محبتوں کی حد ہو گئی
الفتوں کی حد ہو گئی
نعمتوں کی حد ہو گئی
عنایتوں کی حد ہو گئی
جود و سخا کی حد ہو گئی
اور نبوت و رسالت کی حد ہو گی

Marfat.com

# عید میلاد کا قرآنی جواز

قرآن کریم میں اللہ پاک نے ارشاد فرمایا:

"انما اموالکم و اولاد کم فتنه"

"بے شک تمہارا مال اور تمہاری اولاد فتنہ (آزمائش) ہے"

حضرات گرامی قدر!

اب اگر کسی کے گھر میں بیٹا پیدا ہو جائے خوشی مناتا ہے اور اگر کسی کو مال ملے تو وہ بھی خوشی مناتا ہے جبکہ ان دونوں چیزوں کو رب فتنہ فرمارہا ہے اور جس ذات کے بارے میں رب کائنات نے فرمایا:

"وما ارسلناک الا رحمة للعالمین"

اور ہم نے آپ کو تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے

اس ذات کے آنے پر خوشیاں کیوں نہ منائی جائیں

Marfat.com

# حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا سوال

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بارگاہ رسالت میں یوں عرض گزار ہوتے ہیں:

**یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و سلم بابی انت وامی اخبرنی عن اول شی خلقه اللہ تعالیٰ قبل الاشیاء**

"یارسول اللہ ﷺ میرے ماں باپ آپ پر قربان میں اکثر سوچتا ہوں کہ جب خدا نے یہ زمیں سجائی ہوگی"

بساط کائنات بچھائی ہوگی

آسمان کی چھت

ستاروں سے سجائی ہوگی

تو سب سے پہلے

کون سی چیز بنائی ہوگی

حضور ﷺ نے فرمایا:

**یا جابر ان اللہ تعالیٰ خلق قبل الاشیاء نور نبیک من نوره**

یعنی اس وقت

یہ حیوانات تھے نہ جنات

Marfat.com

نہ جمادات تھے نہ نباتات

نہ حجر تھے نہ شجر

نہ لوح وقلم تھے، نہ عرب وعجم

نہ حور وملک تھے، نہ زمین وفلک

نہ جن وبشر تھے نہ برگ وثمر

نہ بحر وبر تھے، نہ خشک وتر

نہ عرش تھا، نہ فرش

اس وقت یہ دماغ نہ تھا

یہ دھیان نہ تھا

قصبہ نہ تھا، بستی نہ تھی

عشق نہ تھا، مستی نہ تھی

اس وقت

یا بنانے والے خدا کی ہستی تھی

یا بننے والے مصطفیٰ ﷺ کی ہستی

Marfat.com

# صورت

حضرات گرامی قدر صورت حال یہ ہے کہ جب عرب معاشرے کی صورت حال بگڑ گئی تو اس صورت نے ایک صورت (حضور اکرم ﷺ) کو صورت پذیر فرمایا، اس صورت نے عربوں کی بگڑی صورتحال کو بہتر صورت میں بدلا۔

اب

نظر آنے میں یہ صورت
حقیقت میں وہ صورت
پیروی میں یہ صورت
بندگی میں وہ صورت
بولنے میں یہ صورت
کلام میں وہ صورت

اور پھر

الٰہ وہ صورت
طٰہٰ یہ صورت
رحیم وہ صورت

Marfat.com

حٰم یہ صورت

کریم وہ صورت

حلیم یہ صورت

واجد وہ صورت

شاہد یہ صورت

جلیل وہ صورت

خلیل یہ صورت

حکیم وہ صورت

کریم یہ صورت

صبور وہ صورت

شکور یہ صورت

رقیب وہ صورت

قریب یہ صورت

مصور وہ صورت

مدثر یہ صورت

بصیر وہ صورت

Marfat.com

بشیر یہ صورت

خبیر وہ صورت

منیر یہ صورت

صمد وہ صورت

احمد ﷺ یہ صورت

مجیب وہ صورت

حبیب یہ صورت

لا الہ الا اللہ وہ صورت

محمد رسول اللہ یہ صورت

Marfat.com

# اللہ کا نور آ گیا

خالق کائنات نے ارشاد فرمایا:

قد جاء کم من اللہ نور

''تحقیق لوگو اللہ کی طرف سے تمہاری طرف نور آ گیا''

حضرات گرامی قدر غور کیجئے

| | |
|---|---|
| کیا آیا | نور آیا |
| کہاں سے آیا | اللہ کی طرف سے آیا |
| کن کی طرف آیا | ہماری طرف آیا |

اور یاد رکھیئے کہ نور کا معنی روشنی ہے اور روشنی اپنے مبداء اور مرکز کی خبر دیتی ہے۔

یعنی

دھوپ......

سورج کی خبر دیتی ہے

چراغ کی روشنی......

چراغ کی خبر دیتی ہے

چاندنی......

Marfat.com

چاند کی خبر دیتی ہے

شمع کی ضو......

شمع کی خبر دیتی ہے

بلب کی روشنی......

بلب کی خبر دیتی ہے

یعنی ہر روشنی اپنے مرکز اور مبداء کی خبر دیتی ہے چونکہ مصطفیٰ بھی روشنی ہیں ان کا بھی تو کوئی مبداء ہے چنانچہ ذات مصطفیٰ ﷺ اپنے مرکز رب کائنات کی خبر دیتی ہے۔

Marfat.com

# ابر بہاراں

۱۲ ربیع الاوّل کے دن ابر بہاراں چھائے
میرے سرکار (ﷺ) آئے، میرے سرکار (ﷺ) آئے
آمنہ تیرے گھر آ کر جبرائیل (علیہ السلام) پیام یہ لائے
میرے سرکار (ﷺ) آئے، میرے سرکار (ﷺ) آئے
دور ہوا دنیا سے اندھیرا آئے آقا (ﷺ) ہوا سویرا
عبد اللہؓ کے گھر آنگن، خوشیوں کے بادل چھائے
میرے سرکار (ﷺ) آئے، میرے سرکار (ﷺ) آئے
سوکھی تھی گلشن میں کلیاں، سونی تھیں مکے کی گلیاں
ان کے قدم سے چاروں جانب ہو گئے نور کے سائے
میرے سرکار (ﷺ) آئے، میرے سرکار (ﷺ) آئے
مجھ کو ندا آئی یہ محسن، دنیا کو بتلا دے محسن
جو ہے نبی (ﷺ) کو چاہنے والا اپنے گھر کو سجائے
میرے سرکار (ﷺ) آئے، میرے سرکار (ﷺ) آئے

Marfat.com

# شیخ عبدالحق رحمتہ اللہ علیہ محدث دہلوی کی دعا

شیخ عبدالحق رحمتہ اللہ علیہ محدث دہلوی فرماتے ہیں:

اے اللہ میرا کوئی عمل ایسا نہیں جسے آپ کے دربار میں پیش کرنے کے قابل سمجھوں میرے تمام اعمال فسادیت کا شکار ہیں۔ البتہ مجھ فقیر کا ایک عمل محض آپ ہی کی عنایت سے اس قابل ہے اور وہ یہ کہ مجلس میلاد کے موقع پر کھڑے ہو کر سلام پڑھتا ہوں اور نہایت ہی عاجزی وانکساری محبت و خلوص کے ساتھ تیرے حبیب ﷺ پر درود بھیجتا ہوں۔

اے اللہ وہ کون سا مقام ہے جہاں میلاد پاک سے بڑھ کر تیری طرف سے خیر و برکت کا نزول ہوتا ہے اس لئے اے ارحم الراحمین مجھے پکا یقین ہے کہ میرا یہ عمل کبھی رائیگاں نہیں جائے گا بلکہ یقیناً تیری بارگاہ میں قبول ہوگا اور جو کوئی درود و سلام پڑھے اور اس کے ذریعے سے دعا کرے وہ کبھی مسترد نہ ہوگی۔

(اخبار الاخیار صفحہ ۶۲۴ مطبوعہ کراچی)

Marfat.com

# میلاد النبی ﷺ علمائے امت کی نظر میں

## محدث ابن جوزی رحمتہ اللہ علیہ

اہل مکہ و مدینہ، اہل مصر، یمن، شام اور تمام عالم اسلام شرق تا غرب ہمیشہ سے حضور اکرم علیہ السلام کی ولادت سعیدہ کے موقع پر محافل میلاد کا انعقاد کرتے چلے آ رہے ہیں ان میں سب سے زیادہ اہتمام آپ ﷺ کی ولادت کے تذکرے کا کیا جاتا ہے اور مسلمان ان محافل کے ذریعے اجر عظیم اور بڑی روحانی کامیابی پاتے ہیں۔

(المیلاد النبوی، ۵۸)

## امام الحافظ سخاوی رحمتہ اللہ علیہ

تمام اطراف اکناف میں اہل اسلام حضور ﷺ کی ولادت باسعادت کے مہینہ میں خوشی کی بڑی بڑی محفلوں کا انعقاد کرتے ہیں اس کی راتوں میں جی بھر کر صدقہ اور نیک اعمال میں اضافہ کرتے ہیں خصوصاً آپ کی ولادت کے موقع پر ظاہر ہونے والے واقعات کا تذکرہ ان محافل کا موضوع ہوتا ہے۔

(سبل الھدیٰ ۱ - صفحہ ۴۳۹)

Marfat.com

## امام جلال الدین سیوطی رحمتہ اللہ علیہ

"میرے نزدیک میلاد کے لئے اجتماع، تلاوت قرآن حضور ﷺ کی حیات طیبہ کے مختلف واقعات اور ولادت کے موقع پر ظاہر ہونے والی علامات کا تذکرہ ان بدعات حسنہ میں سے ہے جن پر ثواب مترتب ہوتا ہے کیونکہ اس میں آپ ﷺ کی تعظیم ومحبت اور آپ کی آمد پر خوشی کا اظہار ہے۔"

(حسن المقصد فی المولد فی الحاوی للفتاوی، ۱، صفحہ ۱۸۹)

## شارح بخاری امام قسطلانی رحمتہ اللہ علیہ

"ربیع الاوّل چونکہ حضور ﷺ کی ولادت باسعادت کا مہینہ ہے لہذا اس میں تمام اہل اسلام ہمیشہ سے میلاد کی خوشی میں محافل کا انعقا کرتے چلے آرہے ہیں اس کی راتوں صدقات اور اچھے اعمال میں کثرت کرتے ہیں خصوصاً ان محافل میں آپ کی میلاد کا تذکرہ کرتے ہوئے اللہ کی رحمتیں حاصل کرتے ہیں محفل میلاد کی یہ برکت مجرب ہے کہ اس کی وجہ سے یہ سال امن سے گزرتا ہے اللہ تعالیٰ اس آدمی پر اپنا فضل واحسان کرے جس نے آپ کے میلاد مبارک کو عید بنا کر ایسے شخص پر شدت کی کہ جس کے دل میں مرض ہے۔

(المواہب اللدنیہ، ۱ صفحہ ۲۸)

Marfat.com

## ملّا علی قاری رحمتہ اللہ علیہ

''تمام ممالک کے علماء اور مشائخ محفل میلاد اور اس کے اجتماع کی اس قدر تعظیم کرتے ہیں کہ کوئی ایک بھی اس کی شرکت سے انکار نہیں کرتا ان کی شرکت سے مقصد اس مبارک محفل کی برکات حاصل کرنا ہوتا ہے۔''

(انوار ساطعه، ۱۴۴، بحواله المورد الراوی)

## شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمتہ اللہ علیہ

''مکہ معظّمہ میں حضور ﷺ کی ولادت باسعادت کے دن میں ایک ایسی میلاد کی محفل میں شریک ہوا جس میں لوگ آپ کی بارگاہ اقدس میں ہدیہ درود وسلام پیش کر رہے تھے اور وہ واقعات بیان کر رہے تھے جو آپ کی ولادت کے موقع پر ظاہر ہوئے اور جن کا مشاہدہ آپ ﷺ کی بعثت سے پہلے ہوا تو اچانک میں نے دیکھا کہ اس محفل پُر انوار و تجلیات کی برسات شروع ہوگئی۔ انوار کا یہ عالم تھا کہ مجھے اس بات کی ہوش نہیں کہ میں نے ظاہری آنکھوں سے دیکھا تھا یا فقط باطنی آنکھوں سے، بہر حال جو بھی ہو میں نے غور وخوض کیا تو مجھ پر یہ حقیقت منکشف ہوئی کہ یہ انوار ان ملائکہ کی وجہ سے ہیں جو ایسی مجالس میں شرکت پر مامور کئے گئے ہوتے ہیں اور میں نے دیکھا کہ انوار ملائکہ کے ساتھ ساتھ رحمت باری تعالیٰ کا نزول بھی ہو رہا تھا''

(فیوض الحرمین صفحه ۸۰، ۸۱)

Marfat.com

دوسرے مقام پر اپنے والد گرامی حضرت شاہ عبدالرحیم دہلوی رحمتہ اللہ علیہ کے حوالے سے لکھتے ہیں۔

''میں ہمیشہ ہر سال حضور ﷺ کے میلاد کے موقع پر کھانے کا اہتمام کرتا تھا لیکن ایک سال میں کھانے کا انتظام نہ کر سکا ہاں کچھ بھنے ہوئے چنے لے کر میلاد کی خوشی میں لوگوں میں تقسیم کر دیئے رات کو میں نے خواب میں دیکھا کہ حضور ﷺ بڑی خوشی کی حالت میں تشریف فرما ہیں اور آپ کے سامنے وہی چنے رکھے ہوئے ہیں۔''

(الدر الثمین صفحہ ۴۰)

## حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمتہ اللہ علیہ

''ہمارے علماء مولد شریف میں بہت تنازع کرتے ہیں تاہم علماء جواز کی طرف بھی گئے ہیں جب صورت جواز کی موجود ہے پھر کیوں ایسا تشدد کرتے ہیں اور ہمارے واسطے اتباع حرمین کافی ہے البتہ وقت قیام کے اعتقاد تولد کا نہ کرنا چاہیے۔ اگر احتمال تشریف آوری کا کیا جاوے مضائقہ نہیں کیونکہ عالم خلق مقید بزمان و مکان ہے لیکن عالم امر دونوں سے پاک ہے پس قدم رنجا فرمانا ذات بابرکات کا بعید نہیں۔''

(شمائل امدادیہ صفحہ ۹۳)

Marfat.com

## شیخ قطب الدین الحنفی رحمتہ اللہ علیہ

''۱۲ ربیع الاوّل کی رات ہر سال باقاعدہ مسجد حرام میں اجتماع کا اعلان ہو جاتا تھا، تمام علاقوں کے علماء، فقہاء، گورنر اور چاروں مذاہب کے قاضی مغرب کی نماز کے بعد مسجد حرام میں اکٹھے ہو جاتے ادائیگی نماز کے بعد سوق اللیل سے گزرتے ہوئے مولد النبی ﷺ (وہ مکان جس میں آپ کی ولادت ہوئی) کی زیارت کے لئے جاتے۔ ان کے ہاتھوں میں کثیر تعداد میں شمعیں، فانوس اور مشعلیں ہوتیں (گویا وہ مشعل بردار جلوس ہوتا) وہاں لوگوں کا اتنا کثیر اجتماع ہوتا کہ جگہ نہ ملتی پھر ایک عالم دین وہاں خطاب کرتے تمام مسلمانوں کے لئے دعا ہوتی اور تمام لوگ دوبارہ مسجد حرام میں آ جاتے واپسی پر بادشاہ وقت مسجد حرام اور ایسی محفل کے انتظام کرنے والوں کی دستار بندی کرتا پھر عشاء کی اذان اور جماعت ہوتی اس کے بعد لوگ اپنے اپنے گھروں کو چلے جاتے۔ یہ اتنا بڑا اجتماع ہوتا کہ دور دراز دیہاتوں، شہروں حتیٰ کہ جدہ کے لوگ بھی اس محفل میں شریک ہوتے اور آپ ﷺ کی ولادت پر خوشی کا اظہار کرتے تھے۔''

(الاعلام باعلام بيت الله الحرام صفحه ۱۹۶)

Marfat.com

# معراج النبی صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

# نکتہ اظہار عظمت

صاحب تفسیر ''بحر الدر'' رقم طراز ہیں کہ جب کائنات کا وجود عالم شہود میں ہوا تو کائنات کی ہر شئے اپنے وجود پر فخر کرنے لگی۔

زمین نے کہا والارض فرشنھا کا فرش اللہ نے مجھ پر بچھایا ہے۔

کرسی نے کہا وسع کرسیه السمٰوٰت والارض کی آیت میری شان میں نازل ہوئی ہے۔

لوح نے کہا کہ عشق واسرار ومحبت کا گنجینہ میں ہوں علوم غیبی کا مظہر اور حکم الٰہی کا منبع میں ہوں۔

قلم نے کہا کہ میں راز دار ''ن والقلم'' کے حقائق سے ہوں۔

عرش نے کہا میں رحمت رحمانی کا مظہر ہوں اور ''علی العرش استوی'' کی شان میرے حق میں ہے۔

تو ان کو رب کائنات کا عرفان ہوا کہ ہمارا ایک محبوب برگزیدہ ہے تمہاری تمام عظمت اس کے سامنے ایسے ہے جیسے آفتاب کے سامنے ایک ذرہ یا دریا کی نسبت ایک قطرہ تب تمام اراکین کائنات نے اللہ کی بارگاہ میں درخواست کی کہ اے باری تعالیٰ ہمارے وجود کو اس محبوب کے مبارک قدموں سے مشرف فرما اللہ پاک نے ان کی درخواست قبول فرمائی اور سرور کائنات کا اجرام فلکی پر بلند فرمایا۔

Marfat.com

# نہ گفتار ہے کوئی نہ محو تکلم

نہ گفتار ہے کوئی نہ کوئی محو تکلم
نہ بلبل کا ترنم ہے نہ کلیوں کا تبسم
نہ چاند کی ضو ہے ہ سورج کی کرن
سونا ہے جنگل نہ چیتے ہیں نہ ہرن
کوہسار میں دامن کو سمیٹے ہوئے
نیند کے لمحات ہیں سب ہیں لیٹے ہوئے
راحت میں سمندر کی سبھی موجیں ہیں
آرام میں دریا کی سبھی لہریں ہیں
سب کھیت خالی ہیں کسانوں سے
چپ چاپ ہے جنگل حیوانوں سے
اشجار کی شاخوں پہ نغمے نہیں کوئی
اندھیروں کا سماں ہے پرندے نہیں کوئی
چپ چاپ ہیں نالے خاموش ہیں ندیاں
کوئی بھیڑ نہیں سب صاف ہیں گلیاں

Marfat.com

مفقود ہے نظام زندگی کے لئے
فلک منتظر ہے کسی کے لئے
رات کا سماں ہے سب لوگ سو چکے
محبوب آ اور ہم کو دیکھ لے

## ہے ایک منبع انوار معراج کی شب

ہے ایک منبع انوار معراج کی شب
محبوب سے الفت کا اظہار معراج کی شب
دیکھے ہیں کہ جس میں آقا (صلی اللہ علیہ وسلم) نے انوار کے لمحے
ان کے لئے ٹھہری ہے بہار معراج کی شب
لوگ دیتے ہیں معراج کو نام ایک سفر کا
ولیکن ہے محبت و پیار معراج کی شب
پانی بھی ملا حرکت میں کنڈی بھی ملی ہلتی
جب واپس ہوئے سرکار معراج کی شب
میرا ہے وہی محبوب تجھ سے جو ہوا وابستہ
یہ دونوں نے کیا اقرار معراج کی شب
میری آنکھوں نے محبت سے ہے دیکھا ہارون
مسرور تھے دلدار معراج کی شب

Marfat.com

# معراج کی شب

بلانے والا خدا جانے والے محمد ﷺ

براق سجا کر

بھیجنے والا خدا بیٹھنے والے محمد ﷺ

السلام علیک ایھا النبیؐ

کہنے والا خدا سننے والے محمد ﷺ

جنت کا نظارہ

کرانے والا خدا کرنے والے محمد ﷺ

او ادنی فرما کر

قریب کرنے والا خدا ہونے والے محمد ﷺ

قف یا محمد ﷺ

فرمانے والا خدا رکنے والے محمد ﷺ

انوار و تجلیات سے

چمکانے والا خدا چمکنے والے محمد ﷺ

قاب قوسین پر

جلوہ کرانے والا خدا کرنے والے محمد ﷺ

اپنے نور کا نظارہ

کرانے والا خدا کرنے والے محمد ﷺ

Marfat.com

# متفرقات

Marfat.com

# ہے صحابی حضور ﷺ کا پیارا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

☆

ہے صحابی حضور ﷺ کا پیارا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ
دے گیا اسلام کو سہارا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ
مقدر بھی خود جھوم کر کہہ رہا ہے
قسمت کا ہے ستارا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ
لکھ دی ہے رب نے فردوس جس کے نام
اہل جنت کا ہے نظارا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ
اپنے کندھوں پر بٹھا کر ذات محمدی ﷺ کو
چمکا گیا قسمت کا ستارہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ
ہارونؔ سارے صحابہ ہیں لائق احترام
مگر بے مثل ہے ہمارا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

Marfat.com

# توحید کا اظہار حسین رضی اللہ عنہ کا ہے

☆

توحید کا اظہار حسین رضی اللہ عنہ کا ہے نام
کفر پہ یلغار حسین رضی اللہ عنہ کا ہے نام
باطل پہ ہر آن ہے جبر مسلسل
اور حق سے پیار حسین رضی اللہ عنہ کا ہے نام
روحوں کو ایک عظیم طاقت ہے یہ
دلوں کا قرار حسین رضی اللہ عنہ کا ہے نام
کربل کی خاک یہ پیام دے رہی ہے
کس قدر من ٹھار حسین رضی اللہ عنہ کا ہے نام

Marfat.com

# قسمت کا روشن ستارا حسین رضی اللہ عنہ ہے

☆

قسمت کا روشن ستارا حسین رضی اللہ عنہ ہے
اپنے خالق کو پیارا حسین رضی اللہ عنہ ہے
چشمِ حیدر رضی اللہ عنہ کا نور قلب فاطمہ رضی اللہ عنہا کا سرور
سرور انبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کا دلارا حسین رضی اللہ عنہ ہے
خاک کربلا یہ بتلا رہی ہے لوگو
اسلام کا عظیم سہارا حسین رضی اللہ عنہ ہے
دیکھ کر حسین رضی اللہ عنہ کو کہتی ہیں آنکھیں
رخ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا نظارا حسین رضی اللہ عنہ ہے
وہ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی گودی میں ہارون پلنے والا
ہمیں لگتا بہت پیارا حسین رضی اللہ عنہ ہے

Marfat.com

# حسین رضی اللہ عنہ اگر نہ شہید ہوتا

☆

حسین رضی اللہ عنہ اگر نہ شہید ہوتا
تو آج گھر گھر یزید ہوتا
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت عیاں نہ ہوتی
خدا کے گھر میں اذان نہ ہوتی
بشر کے چہرے پہ زنگ ہوتا
انسان کا اور ہی رنگ ہوتا

Marfat.com

☆

اے کربلا کی خاک اس احسان کو نہ بھول
تڑپی ہے تجھ پہ لاش جگر گوشۂ بتول رضی اللہ عنہ
اسلام کے لہو سے تیری پیاس بجھ گئی
سیراب کر گیا تجھے خون رگ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

☆

جو جواں بیٹے کی میت پر نہ رویا وہ حسین رضی اللہ عنہ
جس نے سب کچھ کھو کے پھر بھی کچھ نہ کھویا وہ حسین رضی اللہ عنہ
جو دہکتی آگ کے شعلوں پہ سویا وہ حسین رضی اللہ عنہ
جس نے اپنے خون سے دنیا کو دھویا وہ حسین رضی اللہ عنہ
مرتبہ اسلام کا جس نے دوبالا کر دیا
خون نے جس کے دو عالم میں اجالا کر دیا

Marfat.com

# اسلام ٹھوکریں کھاتا پھرتا

☆

افسانے غم کے سناتا پھرتا
بار ظلمت اٹھاتا پھرتا
امداد اگر نہ کرتے حسین رضی اللہ عنہ
اسلام ٹھوکریں کھاتا پھرتا

Marfat.com

# امام حسین رضی اللہ عنہ اور یزید

سامعین گرامی قدر!

حسین رضی اللہ عنہ اور یزید محض دو شخصیتوں ہی کے نام نہیں ہیں بلکہ دو کرداروں کے نام ہیں حسین بھی ایک کردار ہے اور یزید بھی ایک کردار ہے حسین و یزید میں فرق یہ ہے کہ

حسین رضی اللہ عنہ حق کا علمبردار

یزید باطل کا علمبردار

حسین رضی اللہ عنہ سچائی کا نام

یزید رسوائی کا نام

حسین رضی اللہ عنہ حق کی شمشیر

یزید باطل کی تصویر

حسین رضی اللہ عنہ الفت کا نمونہ

یزید نفرت کا نمونہ

حسین رضی اللہ عنہ عدل

یزید دجل

حسین رضی اللہ عنہ وفا

Marfat.com

یزید جفا

حسین رضی اللہ عنہ لاریب

یزید عیب ہی عیب

حسین رضی اللہ عنہ دین دار

یزید دنیادار

حسین رضی اللہ عنہ موسوی کردار

یزید فرعونی کردار

حسین رضی اللہ عنہ ابراہیمی کردار

یزید نمرودی کردار

حسین رضی اللہ عنہ حق پہ مرنے والا

یزید حق سے لڑنے والا

حسین رضی اللہ عنہ اسلام کو چمکانے والا

یزید اسلام کو دبانے والا

حسین رضی اللہ عنہ رحمن کا بندہ

یزید شیطان کا بندہ

یزیدیت کو توڑنے والا حسین رضی اللہ عنہ

حسینیت سے ٹوٹنے والا یزید

Marfat.com

# حضرت غوث اعظم کا مقام فنافی الرسول ﷺ

حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سیرت مبارکہ، پیکر مصطفوی ﷺ کی سیرت طیبہ کی آئینہ دار تھی اور بلاشبہ آپ کی ذات مبارکہ کے اندر سیرت محمدی ﷺ کی ضیاء پاشیوں کے جلوے نظر آتے تھے چنانچہ اپنی ذات کے بارے میں آپ خود فرماتے ہیں۔

**تاللہ ھذا وجود جدی لا وجود عبد القادر**

''خدا کی قسم یہ وجود میرا نہیں میرے نانا کا وجود ہے''

چنانچہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مقام فنافی الرسول کی کیفیت یہ تھی کہ

ادھر پیکر مصطفیٰ ﷺ کے جسم اقدس پر مکھی نہیں بیٹھی
ادھر آپ کے وجود مسعود پر مکھی نہیں بیٹھی
حضور ﷺ کا پسینہ بھی خوشبودار
آپ رضی اللہ عنہ کا پسینہ بھی خوشبودار
حضور ﷺ کے اشارے سے چاند دوٹکڑے ہوا
آپ کی انگلی کے اشارے سے چیل پاش پاش ہوگئی

Marfat.com

یہ سب کچھ کیوں نہ ہو اس لئے کہ

حضور ﷺ نبیوں میں نرالے

آپ رضی اللہ عنہ ولیوں میں نرالے

حضور ﷺ نبیوں میں لاجواب

آپ رضی اللہ عنہ ولیوں میں لاجواب

حضور ﷺ نبی الکونین

آپ رضی اللہ عنہ ولی الکونین

حضور ﷺ نبی الحرمین

آپ رضی اللہ عنہ ولی الحرمین

حضور ﷺ خیر الوریٰ

آپ رضی اللہ عنہ غوث الوریٰ

☆

محبوب پے مرتے ہیں وہی، جنہیں جام الفت کے پلائے جاتے ہیں
جب یہ عشق سمندر بنتا ہے، تب خون بہائے جاتے ہیں
حالات کی گردش کو بدلنا، کچھ آسان نہیں ہارون
غفلت میں پڑے لوگ سازوں سے نہیں سوزوں سے جگائے جاتے ہیں

Marfat.com

# جو قریہ قریہ پھیلے گا

جو قریہ قریہ پھیلے گا
ظلم کے بندھن توڑے گا
فاتح اب جو ٹھہرے گا

اسے طاہر طاہر کہتے ہیں

جو دور اندھیرے کر دے گا
ہر سمت سویرے کر دے گا
دل عشق نبی ﷺ سے بھر دے گا

اسے طاہر طاہر کہتے ہیں

گفتار میں لذت بہت پیاری
باتیں جس کی بہت ہیں بھاری
سامنے جس کے دنیا عاری

اسے طاہر طاہر کہتے ہیں

Marfat.com

خطابت جس کی لاثانی
ہے والی جس کا جیلانی
یہ دنیا جس کی دیوانی
اسے طاہر طاہر کہتے ہیں

باروں، قلندر کہلایا
وہ علم سمندر کہلایا
جسے دل کے اندر ٹھہرایا
اسے طاہر طاہر کہتے ہیں

☆

Marfat.com

# ہمارا طرز خطاب

جھومر عشق سجاتے ہوئے
الفت کا علم لہراتے ہوئے
مخصوص انداز محبت سے
اپنے غیر بناتے ہوئے
اندھیروں میں محمد ﷺ کا
چراغ عشق جلاتے ہوئے
پیار سے بھرتی لے میں
قرآن کے نغمے سناتے ہوئے
تخیل میں رخ یار سے
پردے سب اٹھاتے ہوئے
بانگ حق نواز سے
سوئے ہوؤں کو جگاتے ہوئے
دشمنان دین کے
خوف سے دل سہاتے ہوئے
بھٹکے ہوئے آہوؤں کو
منزل کی طرف لاتے ہوئے
خطابت کی ہتھیلی پے
حنا کا رنگ چڑھاتے ہوئے
عاشقوں کی قطاروں کو
زلف نبی میں پھنساتے ہوئے

Marfat.com

محبت و عشق کا انمول نایاب تحفہ

بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں
ہدیۂ درود و سلام کے موضوع پر
عالمِ اسلام میں سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتاب

# دلائل الخیرات

کی شہرۂ آفاق شرح

# مَطالِعُ المَسَرّات

از: امام علامہ محمد مہدی فاسی رحمۃ اللہ علیہ

کا مستند عام فہم اردو ترجمہ

از: شرف اہلسنت، شیخ الحدیث علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری

## خصوصیات

- قرآنِ مجید، احادیث اور اسلاف کی روایات کی روشنی میں درود و سلام کے بے شمار فضائل اور فوائد و ثمرات کا حسین و دلکش بیان۔
- قرآن و حدیث کی روشنی میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت و عشق کے تعلق پر مدلل بحث۔
- اللہ تعالیٰ کے ننانوے (۹۹) اسمائے حسنیٰ کے فوائد و خواص کا بیان۔
- دو سو ایک (۲۰۱) اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل و خصوصیات پر محققانہ اور کیفیاتِ محبت سے لبریز تذکرہ۔
- روضۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے تفصیلی احوال کا روح پرور بیان
- نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، صحابۂ کرام، تابعین اور بعد کے علماء سے مروی ہدیۂ درود و سلام کا جامع ذخیرہ۔
- درود و سلام کی تشریحات میں سیرت و اخلاقِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور اسلاف کے عقائد کا ایمان افروز تذکرہ۔

ملنے کا پتہ

**نوریہ رضویہ پبلی کیشنز**
گنج بخش روڈ ۰ لاہور
فون: ۷۳۱۳۸۸۵

Marfat.com



قوت گفتار ہے مجھ کو بھی میسر ہارون
میری آنکھوں نے بھی ہے دیکھا طاہر

Marfat.com